قرآن و حدیث سے ماخوذ
پیاری دعاؤں کی خوبصورت مستند کتاب

# مناجاتِ مقبول مترجم

مؤلف
حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ از
مولانا عبدالماجد دریابادی رحمۃ اللہ علیہ

زیر نگرانی
حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی
مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور

اقرأ اشرفیہ بک سنٹر
۵۵ اردو بازار لاہور

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | پہلی منزل بروز ہفتہ | ۱۰ |
| ۲ | دوسری منزل بروز اتوار | ۲۸ |
| ۳ | تیسری منزل بروز پیر | ۴۸ |
| ۴ | چوتھی منزل بروز منگل | ۶۶ |
| ۵ | پانچویں منزل بروز بدھ | ۸۶ |
| ۶ | چھٹی منزل بروز جمعرات | ۱۰۲ |
| ۷ | ساتویں منزل بروز جمعہ | ۱۲۰ |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# پیش لفظ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡاَنۡبِیَاءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ

قارئین کرام! دعاؤں کا یہ خوبصورت مجموعہ ''مناجات مقبول''، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نوّر اللہ مرقدہ نے قرآن وحدیث کی دعاؤں سے منتخب فرمایا ہے۔

حضرت تھانوی نوّر اللہ مرقدہ نے ان دعاؤں کو سات حصوں میں تقسیم فرمایا تا کہ پڑھنے والوں کو سہولت کے ساتھ یومیہ ایک منزل پڑھنے کی سعادت مل سکے۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نوّر اللہ مرقدہ فرماتے ہیں ''یہ دعائیں خداوند کریم اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیان فرمودہ ہیں تو پھر اس کی قبولیت میں کوئی تردد اور شک نہیں ہونا چاہئے مگر شرط یہ ہے کہ دعاؤں کی تلاوت کرنے والے اخلاص،

# پیش لفظ

توجہ اور پختہ یقین کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے طلب فرماویں''۔

ان دعاؤں کو پڑھتے وقت اگر قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

''مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا۔''

اور فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ''دعا مومن کا ہتھیار ہے''

دعا عبادت کا مغز ہے اور اللہ کو راضی کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

ملحوظ خاطر رکھا جائے تو مجھے یقین ہے کہ ان دعاؤں کو صدق دل

سے پڑھنے والا کبھی محروم نہیں ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

اس ''مناجات مقبول'' کی تصیح اور نگرانی میں جناب مولانا مشرف علی تھانوی صاحب مدظلہ العالی، جناب قاضی محمد یونس انور صاحب مدظلہ العالی، جناب قاری الیاس صاحب مدظلہ العالی اور جناب مولانا خلیل احمد تھانوی صاحب مدظلہ العالی کی محنت شاقہ کا دخل ہے اور معیار اس ''مناجات مقبول'' کو بنایا گیا جو

# پیش لفظ

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے بارہ سال تک زیر مطالعہ رہی اللہ تعالی ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے۔اسکی خوبصورت طباعت اور نگرانی جناب حاجی غلام سرور صاحب مرحوم خلیفہ مجاز حضرت مولانا شاہ ابرارالحق رحمۃ اللہ علیہ کی خصوصی توجہ کا ثمرہ ہے اللہ تعالی موصوف کی قبر کو جنت کا باغ بنائے اور اس ''مناجات مقبول'' کو صدقہ ءجاریہ بنائے۔

قارئین کرام سے میری درخواست ہے کہ میرے انتہائی مخلص ساتھی جناب ڈاکٹر محمد زبیر صاحب مع اہل وعیال کے لئے دارین کی سعادتوں کی دعا فرمائیں۔موصوف نے اس کتاب کی طباعت میں خصوصی دلچسپی فرمائی۔ نیز میرے انتہائی مخلص ساتھی لیفٹینٹ جنرل جہانگیر نصر اللہ مرحوم (جن کا انتقال حال ہی میں ہوا ہے) کی مغفرت اور بخشش کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

# پیش لفظ


یہ چند سطور احقر نے خانقاہ سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ میں مخدوم العلماء حضرت مولانا سید نفیس الحسینی شاہ صاحب کی موجودگی میں تحریر فرمائیں اور حضرت شاہ صاحب نے اپنی دعاؤں سے سرفراز فرما کر میری حوصلہ افزائی فرمائی اللہ جل شانہ حضرت شاہ صاحب کا سایہ صحت و عافیت کے ساتھ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے اور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

آخر میں انتہائی دردمندی سے التجاء کرتا ہوں کہ میرے اور میرے اہل و عیال کے لئے حسن خاتمہ و دارین کی کامیابی کے لئے دعا فرما کر احسان فرمائیں۔ **فجزاک اللہ جزاء خیرا**

محتاج دُعا

**احقر حافظ فضل الرحیم مدظلہ العالی**

نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور



# مناجات
## بارگاہِ رَبُّ العٰلمین

اے خدائے پاک رحمٰن و رحیم — قاضیءِ حاجات و وہاب و کریم

اے اللہ العٰلمین اے بے نیاز — دین و دنیاں میں ہمارے کارساز

تو وہ داتا ہے کہ دینے کیلئے — در تیری رحمت کے ہردم ہیں کھلے

تیرے در پر ہاتھ پھیلاتا ہے جو — پا ہی لیتا ہے وہ ہر مقصود کو

مانگنا ہم پر کیا ہے تو نے فرض — اور سکھا ہم کو دیے آداب عرض

مانگنے کو بھی ہمیں فرما دیا — مانگنے کا ڈھنگ بھی بتلا دیا

بلکہ مضموں بھی ہراک درخواست کا — تونے یا رب خود ہمیں سکھلا دیا

ہر گھڑی دینے کو تو تیار ہے — جو نہ مانگے اس سے تو بیزار ہے

ہر طرف سے ہو کے ہم خوار و تباہ — آ پڑے اب تیرے در پر یا اللہ

صدقہ اپنے عزت و اجلال کا — صدقہ پیغمبر کا انکی آل کا

اپنی رحمت ہم پہ اب مبزول کر — یہ دعا اور "مناجات مقبول" کر





پہلی منزل
بروز ہفتہ

# خُطبہ مُناجاتِ مقبُول

ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے
خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ○ وَأَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ○ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جا سکتی ہے اور ان سب سے

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ○ مِنْ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

الرَّسُوْلِ ○ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ○

ہے اور رسول اللہ ﷺ کی دعائیں سکھائیں۔ اے اللہ آپ پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ مغرب اور مشرق

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْأُصُوْلِ ○ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

نَقُوْلُ ○ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ○

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

# پہلی منزل بروز ہفتہ

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

اے ہمارے رب! ہمیں دنیامیں (بھی) بھلائی دے اور آخرت میں (بھی) بھلائی دے اور ہمیں دوزخ

عَذَابَ النَّارِ ۲ رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ

کے عذاب سے بچادے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے اوپر صبر انڈیل دے اور ہمارے

اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ۳ رَبَّنَا لَا

قدم جمادے اور ہمیں کافرلوگوں پر غالب کردے۔ اے ہمارے رب!

تُؤَاخِذۡنَآ اِنۡ نَّسِیۡنَآ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَیۡنَآ

ہماری پکڑ نہ کر، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں اے ہمارے رب اور ہمارے اوپر نہ رکھ

فائدہ ۱ یہ جامع ترین دُعا آنحضرت ﷺ نے اکثر پڑھی ہے۔ اس کے مفہوم پر نظر دوڑائیں کہ دونوں جہاں کی کامیابی کی دُعا تعلیم دی جارہی ہے۔ فائدہ ۳ مذکورہ دُعا شب معراج میں عرش معلّٰی سے آیا ہوا عظیم تحفہ ہے جس میں یہ درخواست کی گئی ہے، اے اللہ ہم پر وہ بوجھ نہ ڈالیں جس کی ہم طاقت نہ رکھتے ہوں۔ یہ کلمات صبح وشام انسان کی زبان پر جاری رہنے چاہیں۔

اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا
بھاری بوجھ جیسا تو نے ہم سے پیشتر کے لوگوں پر رکھا تھا۔ اے ہمارے رب!
وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفہ
ہم سے وہ چیز نہ اٹھوا، جسے ہم آسانی سے نہ اٹھا سکتے ہوں۔ اور ہم سے درگذر کر
وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى
اور ہمیں بخش دے اور ہمارے اوپر رحم کر تو ہی ہمارا مالک ہے تو ہم کو غالب کر دے
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا
کافر لوگوں پر اے ہمارے پروردگار! ہمارے دل کو ہدایت کرنے کے بعد پھیر نہ دینا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ
اور ہمیں اپنے حضور سے (بڑی) رحمت عطا کر۔ بے شک تو تو بڑا عطا کرنے والا ہے
٥ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ
اے ہمارے رب! ہم ایمان لا چکے ہیں ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں بچا عذاب

**فائدہ:** دُعائے مذکورہ حسنِ خاتمہ کی بشارت دے رہی ہے اس دعا میں یہ درخواست کی گئی ہے، اے اللہ نورِ ایمان اور ہدایت دینے کے بعد ہم سے یہ دولت واپس نہ لے لینا۔ علماء و مشائخ نے لکھا ہے کہ اس دعا کے پڑھنے والا کا خاتمہ ایمان پر ہوگا جو کائنات میں سب سے بڑی دولت ہے۔ اے اللہ اپنے فضل وکرم سے ہم سب کا خاتمہ ایمان پر نصیب فرما۔


http://mujahid.xtgem.com

النَّارِ ۞ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ

دوزخ سے۔ اے ہمارے رب! تو نے یہ کارخانہ قدرت یوں ہی بیکار پیدا نہیں کیا تو پاک ہے اس

فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۞ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

سے پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچادے اے ہمارے پروردگار! تو نے جسے دوزخ میں ڈالا

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ

پس اُسے رُسوا ہی کرڈالا اور سیاہ کاروں کا کوئی بھی ہمدرد نہیں۔

۞ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لئے پکارتے سنا کہ اپنے پروردگار پر

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ

ایمان لے آؤ اور ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہمارے گناہ بخش دے اور اتار دے

عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۞ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

ہماری برائیوں کو اور ہمارا خاتمہ نیکوں کے ساتھ کردے۔ اے ہمارے رب! ہمیں وہ عطا کر جو تو

**فائدہ ۸** اس دُعا میں یہ درخواست کی گئی ہے اے اللہ ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری برائیوں کو ختم فرما۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اے اللہ ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ فرما۔ حدیث میں ہے کہ صبح وشام تین تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ پڑھنے والے کیلئے جہنم خود سفارش کرے گی کہ اے اللہ اس کو جہنم سے بچا۔ یہ دعا حسن خاتمہ کی دلیل ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا

نے اپنے پیمبروں کے ذریعے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے دن رسوانہ کرنا بے شک تو

تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۱۰ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ

وعدہ خلافی نہیں کرتا اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کئے ہیں اور اگر تو ہی ہمیں

تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

نہ بخشے گا اور ہم پر رحمت نہ کرے گا، تو ہم تو یقیناً نامرادوں میں سے ہو جائیں گے۔

۱۱ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے اور ہمیں اسلام ہی کی حالت پر موت دے

۱۲ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

تو ہی ہمارا مددگار ہے پس تو ہمیں بخش دے اور تو ہم پر رحمت کر اور تو ہی سب سے بہتر

الْغٰفِرِيْنَ ۱۳ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

بخشنے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کا ہدف نہ بنائیو۔

**فائدہ ۱۰** یہ مذکورہ دعا حضرت آدم علیہ السلام کی مانگی ہوئی ہے جو ہر مسلمان کو اپنی دعاؤں میں شامل کرنی چاہیئے کہ جس کی برکت سے گناہوں کی مغفرت اور اللہ کی رحمت حاصل ہوتی ہے۔ اللہ جل شانہ کی بارگاہ میں شائد سب سے پہلی مغفرت وبخشش کی طلب کردہ یہی دعا ہے جس کی قبولیت میں کوئی شک نہیں بشرطیکہ غافل دل سے یہ دعا نہ کی گئی ہو۔



http://mujahid.xtgem.com

الظّٰلِمِیْنَ ۝ۙ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

اور ہمیں اپنے رحم وکرم سے کافر لوگوں سے چھڑالیجیو۔

الْكٰفِرِیْنَ ۝۱۴ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ

اے زمین وآسمان کے پیدا کرنے والے تو ہی میرا رفیق

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ

دنیا اور آخرت میں رہیو۔ مجھ کو اسلام پر موت دیجیو اور مجھے شامل کیجیو

بِالصّٰلِحِیْنَ ۝۱۵ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

نیکوں کے ساتھ۔ اے میرے پروردگار! مجھے اور میری نسل کو نماز درست رکھنے والا کردے۔

ذُرِّیَّتِیْ ق صلے رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝۱۶ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ

اے ہمارے رب! میری دعا قبول کرلے۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے

وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اور میرے ماں باپ کو اور کل مومنین کو بخش دیجیو جس دن کہ حساب قائم ہو۔

**فائدہ ۱۵** یہ دُعا نماز میں التحیات کے اندر ہر مسلمان پڑھتا ہے جس میں اپنے لئے، والدین کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے بخشش کی دُعا طلب کر کے آخرت میں ذخیرہ اکٹھا کیا جارہا ہے۔ یہ والدین کے لئے عظیم دُعا ہے۔ اس کے بارے میں علماء نے لکھا ہے کہ اس دُعا کو کثرت سے پڑھنے سے والدین کے حق میں کوتاہی اور غفلت برتنے کا ازالہ ہوجاتا ہے



http://mujahid.xtgem.com

۱۷ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۱۸ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ

اے میرے رب! میرے والدین پر رحمت کر، جیسا کہ انھوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔ اے میرے رب!

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

مجھے اندر بھی صاف لے جا اور مجھے باہر بھی صاف نکال لا

وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ○

اور میرے حق میں اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوت تجویز کردے۔

۱۹ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے حضور سے رحمت خاصہ عنایت کر اور ہمارے مقصد میں کامیابی

اَمْرِنَا رَشَدًا ۲۰ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْٓ

کا سامان بہم پہنچا دے۔ اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے اور مجھ پر میرا کام

اَمْرِيْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ

آسان کردے اور میری زبان سے گنجل کھول دے کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں

فائدہ ۱۹ اس دُعا میں اللہ سے رحمت اور دنیا کے ہر کام میں صحیح سمت طلب کی جارہی ہے۔ یہ دُعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے موقع پر فرمائی یا اللہ میری مکہ سے ہجرت اور مدینہ میں داخلہ موجب سعادت ہو۔ فائدہ ۲۰ یہ دُعا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے منقول ہے یہ ہر طالب علم، عالم، مبلغ کے وردِ زبان ہونی چاہیں کہ اس کی برکت سے سینہ بھی کھلتا ہے اور زبان بھی کھلتی ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

٢١ رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ٢٢ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ

اے میرے پروردگار! مجھے علم میں بڑھا۔ مجھے دکھ نے ستایا ہے! اور تو تو سب سے

اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ٢٣ رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ

بڑا مہربان ہے۔ اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور سب سے

الۡوٰرِثِیۡنَ ٢٤ رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ

اچھا وارث تو تو ہی ہے۔ اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ میں اتار اور تو ہی سب سے

خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ ٢٥ رَبِّ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ ۙ

بہتر اتارنے والا ہے۔ اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ خانی سے تیری پناہ چاہتا ہوں

وَاَعُوۡذُ بِكَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ ٢٦ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا

اور اس سے پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے تو ہمیں بخش دے

وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ ٢٧ رَبَّنَا اصۡرِفۡ

اور ہم پر رحمت کر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔ اے ہمارے پروردگار!

**فائدہ ٢١** دُعائے مذکورہ ''اے رب میرے علم کو بڑھا''۔ یہ ہر بچہ، ہر بچی کو سب سے پہلے سکھانی چاہیئے تاکہ اس کی برکت سے علم میں اضافہ اور برکت حاصل ہو۔ **فائدہ ٢٢** یہ دُعا حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی بیماری اور تکلیف کو اللہ کے سامنے پیش کر کے مانگی گویا کہ بیماری اور تکلیف کو دور کرنے کی دردمندی سے دُعا طلب کر رہے ہیں۔



http://mujahid.xtgem.com

عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝

عذاب دوزخ کو ہم سے پھیرے رکھ کہ اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے۔

۲۸ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری ازواج واولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ۲۹ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ

اور ہمیں پرہیز گاروں کا پیشوا بنادے۔ اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں

نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ

شکرادا کروں تیرے اس احسان کا جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا اور یہ کہ

أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي

میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور تو مجھے اپنے رحم وکرم سے اپنے

عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ ۳۰ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ

صالح بندوں میں داخل کرے۔ اے میرے پروردگار! میں اس بھلائی کا جو تو میری

**فائدہ ۲۸** دُعائے مذکورہ کے بارے میں میرے شیخ حضرت ڈاکٹر حفیظ اللہ صاحب مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس دُعا کو کثرت سے پڑھیں۔ اس فتنے کے دور میں اولاد کی صحیح تربیت اور گھر کو چین وسکون کا مرکز بنانے کے لئے اکسیر نسخہ ہے۔ بارہا تجربہ ہوا ہے اس کو وردِ زباں بنائیں اور آجکل کے حالات میں اپنی نسلوں کے ایمان وجان اور عزت وآبرو کی حفاظت کیجئے۔



http://mujahid.xtgem.com

مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ

طرف اتارے محتاج ہوں۔ اے میرے پروردگار! مجھے غالب کردے

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا

مفسد لوگوں پر۔ اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر شے پر محیط ہے

فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ

توان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور جو تیری راہ پر چلے انہیں بخش دے اور انہیں

عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ

دوزخ کے عذاب سے بچادے۔ اے ہمارے پروردگار! انہیں ہمیشگی کی جنتوں میں

عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کو بھی جو کوئی ان کے باپ دادوں میں سے

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اوران کی بیویوں میں سے اوران کی اولاد میں سے نیک ہو، بے شک تو ہی زبردست ہے حکمت والا ہے۔

**فائدہ ۳۳** دُعائے مذکورہ وہ ملائکہ جن کی ڈیوٹی عرش پر ہے ان کی طلب کردہ ہے جس میں اللہ کی رحمت کا واسطہ دے کر بخشش اور جہنم سے بچاؤ کی دُعا طلب کی جارہی ہے اور ساتھ ہی جنت میں آباؤ اجداد، اہل وعیال اور بچوں کے ساتھ اکٹھا ہونے کی دُعا سکھائی جارہی ہے۔ اس دعا کا ترجمہ بار بار پڑھیں اور رشک کریں کہ توبہ کرنے والے کیلئے ملائکہ کس انداز سے دعائیں کررہے ہیں۔



http://mujahid.xtgem.com

## وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ

اور انہیں خرابیوں سے بچادے اور جس کو تو نے اس دن خرابیوں سے بچالیا۔

## فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۳۴ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ

اس پر تو نے بڑا رحم کیا، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور میری اولاد میں صلاحیت

## ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۳۵ اَنِّيْ

نیکی کی دے۔ میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ میں

## مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝۳۶ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ

ہارا ہوا ہوں، پس تو میرا بدلہ لے لے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو

## سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

جو ایمان میں ہمارے پیشرو ہیں بخش اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے ساتھ کدورت نہ ہونے دے۔

## اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۷ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا

اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفیق ومہربان ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا

**فائدہ ۳۴** دُعائے مذکورہ میں اولاد کی اصلاح کے لئے دُعا سکھائی جارہی ہے اور ساتھ ہی یہ سبق پڑھایا جارہا ہے یا اللہ میں مغلوب ہوں میری نصرت فرما۔ **فائدہ ۳۶** دُعائے مذکورہ میں اپنی مغفرت اور اپنے ان بھائیوں کی بخشش طلب کی جارہی ہے جو دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔ اس دعا کے پڑھنے والے کیلیئے اور اسکے اہل وعیال کیلیئے مغفرت کی امید ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۞ ۳۸ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافر لوگوں کا ہدف

لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○

ستم نہ بنا اور ہمیں بخش دے اے پروردگار بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔

۳۹ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

اے ہمارے رب! ہمارے لئے ہمارا نور کامل کر دے اور ہمیں بخش دے بے شک تو ہر چیز پر

قَدِيرٌ ۞ ۴۰ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ

قادر ہے۔ اے میرے رب! بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو اور اس کو بھی جو میرے گھر

مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۞ ۴۱ اللَّهُمَّ اغْسِلْ

میں مومن ہو کر داخل ہو اور سارے مومن مردوں اور عورتوں کو بھی۔ یا اللہ میرے گناہوں کو

خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا

برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کو گناہوں سے (ایسا) پاک کر دے،

**فائدہ ۴۰** یہ وہ عظیم دُعا ہے کہ جس میں اپنے والدین کی مغفرت اور بخشش کے ساتھ ساتھ ہر اس مومن کیلئے بخشش کی دُعا مانگی گئی ہے جو ہمارے گھر میں داخل ہوا۔ نیز یہ دعا ایسا عظیم سبق دے رہی ہے کہ ایمان والونکی آمد و رفت اور باہمی میل جول مغفرت اور بخشش کا ذریعہ بن رہا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ

جیسا کہ سفید کپڑا میل سے پاک کیا جاتا ہے، اور مجھ میں

بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ

اور میرے گناہوں کے درمیان ایسا فاصلہ کر دے جیسا کہ مشرق و مغرب میں تو نے

وَالْمَغْرِبِ ۴۳ اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَآ اَنْتَ

فاصلہ رکھا ہے۔ یا اللہ میرے نفس کو اس کی پرہیزگاری عطا کر اور اسے پاک کر دے

خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَآ اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا ۴۳ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ

تو ہی اس کو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے، تو ہی اس کا مالک اور آقا ہے۔ ہم تجھ سے وہ سب

خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بھلائیاں مانگتے ہیں جو تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں۔

۴۴ اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ اَمْرِكَ

ہم تجھ سے مانگتے ہیں مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام

**فائدہ ۴۳** یہ دُعائے مذکورہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ۲۳ سالہ دُعاؤں کا نچوڑ ہے۔ جس کا معنی یہ ہے کہ یا اللہ وہ تمام بھلائیاں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے مانگی ہیں وہ ہمیں عطا فرما۔ **فائدہ ۴۴** اس دعا میں یہ درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام کی توفیق عطا فرما۔ یہ دعا اللہ کی رحمت اور مغفرت کے حصول کا بہترین وسیلہ ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ

اور ہر گناہ سے بچاؤ اور ہر نیکی کی لوٹ اور اپنا پہنچنا

بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ﴿۴۵﴾ اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ﴿۴۶﴾ اَللّٰهُمَّ

بہشت میں اور دوزخ سے نجات پانا میں تجھ سے طلب کرتا ہوں علم کارآمد۔ یا اللہ

اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ خَطَئِيْ وَعَمَدِيْ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

بخش دے میرے گناہ نادانستہ اور دانستہ۔ یا اللہ بخش دے

خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ

میری خطا اور نادانی اور میری زیادتی میرے بارہ میں اور وہ بھی جو تو مجھ سے

بِهٖ مِنِّيْ ﴿۴۸﴾ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ ﴿۴۹﴾ اَللّٰهُمَّ

بڑھ کر جانتا ہے۔ یا اللہ بخش دے جو (گناہ) مجھے مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا۔ یا اللہ

مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ﴿۵۰﴾ اَللّٰهُمَّ

دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دل اپنی طاعت کی طرف پھیر دے۔ یا اللہ

**فائدہ ۴۹** اس دُعا میں دل کو استقامت اور اللہ کی اطاعت پر پابند کرنے کی عظیم درخواست ہے۔ حرز جان بنانی چاہیئے۔ **فائدہ ۵۰** یہ مختصر سی دُعا زندگی کے ہر موڑ پر کام آنے والی ہے۔ انسان ہر کام کرنے سے پہلے اللہ سے رہنمائی اور مضبوطی کی دُعا مانگتا ہے۔ مسنون دعاؤں میں سے اس دعا کے پڑھنے کی کثرت اکابر کے معمولات میں شامل ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ﴿۵۱﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى

مجھے ہدایت دے اور مجھے استوار رکھ۔ یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری

وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ﴿۵۲﴾ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ

اور پارسائی اور سیر چشمی۔ یا اللہ میرا دین درست رکھ جو

هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ

میرے حق میں بچاؤ ہے۔ اور میری دنیا درست رکھ جس میں

فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ

میری معاش ہے اور میری آخرت درست رکھ جہاں مجھے لوٹنا ہے

وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ

اور زندگی کو میرے حق میں ہر بھلائی میں ترقی بنادے۔ اور موت کو

الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ ﴿۵۳﴾ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

میرے حق میں ہر برائی سے امن بنادے۔ یا اللہ مجھے بخش دے

**فائدہ ۵۲-۵۳** یہ دُعا جس میں دین کی حفاظت، دنیا کی حفاظت، آخرت کی درستگی اور زندگی کے تمام لمحات میں خیر و بھلائی کی دُعا اور موت کے وقت ہر شر و فتنے سے حفاظت کی دُعا ہے۔ نیز اس دعا میں مقصدِ زندگی کو یاد کرایا جا رہا ہے کہ اے اللہ ہماری زندگی کا ہر ہر لمحہ نیکیوں کے اضافہ کا باعث بنا۔ اس دعا کا ایک ایک کلمہ ہماری دنیا اور آخرت کی بھلائی کا ضامن ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي ۵۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

اور مجھ پر رحمت کر اور مجھے چین دے اور مجھے رزق دے۔ یا اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں

مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ

کم ہمتی سے اور سستی سے اور بزدلی سے اور انتہائی کبرسنی سے

وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ

اور قرضہ سے اور گناہ سے اور عذاب دوزخ سے

وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ

اور دوزخ کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے اور قبر کے عذاب سے اور

فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ

مالداری کے برے فتنہ سے اور محتاجی کے برے فتنہ سے اور مسیح

فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا

دجال کے برے فتنہ سے اور زندگی و موت

**فائدہ ۵۴** اس دعا میں آنحضرت ﷺ نے چالیس ناپسند چیزوں کو ذکر کیا ہے جن سے پناہ مانگی گئی ہے۔ مثلاً سستی، بزدلی، قرض، عذاب قبر، کفر، غربت، گناہ ہر قسم کی بیماری غم وفکر وغیرہ۔ اس حدیث میں نبی ﷺ نے ہماری ایک ایک حاجت کو کس طرح بیان فرمایا ہے یہ دعائیں پتہ دے رہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کوئی اور اس طرح تعلیم نہیں دے سکتا۔



http://mujahid.xtgem.com

وَالْمَمَاتِ وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ

کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور غفلت سے اور تنگدستی سے

وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوقِ وَالشِّقَاقِ

اور ذلت سے اور بیچارگی سے اور کفر سے اور فسق سے اور ضدی سے

وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُونِ

اور لوگوں کے سناوے سے اور دکھاوے سے اور بہرے پن سے اور گونگے پن سے اور جنون سے

وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْأَسْقَامِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ

اور جذام سے اور بری بیماریوں سے اور بار قرضہ سے اور

الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ اَنْ

فکر سے اور غم سے اور بخل سے اور لوگوں کے دباؤ سے اور اس سے کہ

اُرَدَّ اِلَى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ

ناکارہ عمر تک پہنچوں اور دنیا کے فتنہ سے اور اس

عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا

علم سے جو نفع نہ دے، اور اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو اور اس نفس سے جو

تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا ۝

سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو قبول نہ ہو۔



http://mujahid.xtgem.com

دُنیا کے بُت کدوں میں پہلا یہ گھر خدا کا
ہم اِس کے پاسباں ہیں وہ پاسباں ہمارا



## دُعاؤں کی قبولیّت کا مرکز

نوٹ: دعا مانگتے ہوئے دل کو اللہ کی طرف متوجّہ کیجئے
اور بیت اللہ کا تصور ذہن میں جمائیں۔

http://mujahid.xtgem.com



دوسری منزل

بروز اتوار

# خطبہ مناجاتِ مقبول



ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحۡمَدُكَ یَا خَیۡرَ مَأۡمُوۡلٍ ○ وَاَكۡرَمَ مَسۡئُوۡلٍ ○ عَلٰی مَا عَلَّمۡتَنَا

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جاسکتی ہے اور ان سب سے

مِنَ الۡمُنَاجَاةِ الۡمَقۡبُوۡلِ ○ مِنۡ قُرُبٰتٍ عِنۡدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

الرَّسُوۡلِ ○ فَصَلِّ عَلَیۡهِ مَا اخۡتَلَفَ الدَّبُوۡرُ وَالۡقَبُوۡلُ ○

ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ اے اللہ آپ پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ مغرب اور مشرق

وَانۡشَعَبَتِ الۡفُرُوۡعُ مِنَ الۡاُصُوۡلِ ○ ثُمَّ نَسۡئَلُكَ بِمَا

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

سَنَقُوۡلُ ○ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنۡكَ الۡقَبُوۡلُ ○

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

# دوسری منزل بروز اتوار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۵۵ رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ

اے میرے رب! میری مدد کر اور میری مخالفت میں کسی کی مدد مت کر اور مجھے فتح دے اور کسی کو میرے اوپر

عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرِ

غالب نہ کر اور میرے حق میں تدبیر کر اور میرے مقابلہ میں کسی کی تدبیر نہ چلا اور مجھے ہدایت کر اور میرے لئے

الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِيْ

ہدایت کو آسان کر دے اور مجھے مدد دے اس پر جو مجھ پر زیادتی کرے۔ اے میرے رب! مجھے ایسا کر دے کہ

لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا

میں تجھے بہت یاد کروں، تیرا بہت شکر ادا کروں، تجھ سے بہت ڈرا کروں، تیری بہت فرمانبرداری کروں،

**فائدہ ۵۵** اس طویل دُعا میں یہ درخواست کی گئی ہے کہ یا اللہ میری مدد فرما اور جو مجھ پر ظلم و زیادتی کرے ان سے میری حفاظت اور میری مدد فرما اور میری توبہ کو قبول فرما۔ گناہوں کو معاف فرما، میری زبان کو درست فرما، میرے دل کو ہدایت نصیب فرما اور میری دُعا کو قبول فرما۔ اور مجھے یہ توفیق عطا فرما کہ میں تیرا ذکر کرتا رہوں اور تیرا شکر ادا کرتا رہوں۔



http://mujahid.xtgem.com

لَکَ مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا اِلَیْکَ اَوَّاهًا مُّنِیْبًا ۝

تیرا بہت مطیع رہوں، تجھی سے سکون پانے والا رہوں، تیری طرف متوجہ اور رجوع ہونے والا رہوں

رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ

اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ دھودے، اور میری دعا قبول کر

وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ

اور میری حجت قائم رکھ اور میری زبان درست رکھ اور میرے دل کو ہدایت پر رکھ، اور میرے

سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ ۵۶ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

سینہ کی کدورت کو نکال دے۔ یا اللہ ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر

وَارْضَ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ

اور ہم سے راضی ہوجا، اور ہمیں بہشت میں داخل کر اور ہمیں دوزخ سے بچادے

وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا کُلَّهٗ ۵۷ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ

اور ہمارے حال سب درست کردے۔ یا اللہ ہمارے دلوں میں

**فائدہ ۵۶** دعائے مذکورہ بخشش رحم اور اللہ کی رضا اور خوشنودی کا سوال سکھایا جارہا ہے اور آخر میں ایک عجیب مختصر کا سا جملہ جو ہر قاری کے ہر وقت وردزباں رہنا چاہئے اَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ کُلَّهٗ جس کا معنی ہے یا اللہ ہمارے تمام احوال کو درست فرما۔ **فائدہ ۵۷** دعائے مذکورہ مسلمانوں میں محبت اور اصلاح پیدا کرنے کا اکسیر نسخہ ہے اور اس میں ظلمتوں کے دور



http://mujahid.xtgem.com

قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ

الفت دے اور ہمارے آپس کے تعلقات درست کردے، اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا

وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا

اور ہمیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال۔ اور ہمیں

الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا

بے حیائیوں سے جوان میں سے ظاہری ہوں اور باطنی ہوں الگ رکھ اور ہمیں برکت دے

فِيْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا

ہماری سماعتوں میں اور ہماری بینائیوں میں اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیویوں میں

وَذُرِّيَّاتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

اور ہماری اولادوں میں اور ہماری توبہ قبول کر، بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ

مہربان ہے اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گذار اور ثنا خواں بنا،

کرنے اور نور کے حاصل کرنے کی دُعا ہے۔ یہ کلمات ہر وقت وردِ زبان رہنے چاہئیں۔ دعا مذکورہ میں یہ تعلیم دی جارہی ہے اے اللہ ہمارے گھر میں برکت، میاں بیوی اور اولاد میں ہر طرح کی خیر نصیب فرما اور ہماری آنکھوں، ہمارے کانوں اور دلوں کو بابرکت و منور فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

بِهَا قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا ۵۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ

اور نعمتوں کے قابل بنا اور انہیں ہم پر پورا کر۔ یا اللہ میں تجھ سے ثابت قدمی طلب

الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ وَاَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ

کرتا ہوں امور (دین) میں اور تجھ سے اعلیٰ صلاحیت طلب کرتا ہوں

وَاَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ

اور تجھ سے تیری نعمتوں کے شکریہ کی توفیق اور حسن عبادت چاہتا ہوں

وَاَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّخُلُقًا

اور تجھ سے مانگتا ہوں سچی زبان اور قلب سلیم اور اخلاق

مُّسْتَقِيْمًا وَّاَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ

صحیح، اور تجھ سے وہ بھلائی مانگتا ہوں جس کو تو جانتا ہے

وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝

اور اس گناہ کی معافی جس کو تو جانتا ہے۔ بے شک تو ہی ہر غائب کا حال جاننے والا ہے۔

**فائدہ ۵۸** دعائے مذکورہ میں یہ تعلیم دی جا رہی ہے یا اللہ دین کے تمام کاموں میں ہمیں ثابت قدمی نصیب فرما اور اسی طرح سچی زبان سچا دل اور تیرا شکر ادا کرنے کی اعلیٰ صلاحیت طلب کرتا ہوں۔ اور یہ تعلیم دی جا رہی ہے کہ اے اللہ جو نعمتیں تو نے مجھے عطا کی ہیں مجھے ان کا شکر ادا کرنے والا بنا اور سب سے بڑی دعا یہ تعلیم فرمائی کہ یا اللہ مجھے سچی زبان عطا فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

۵۹ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ

یا اللہ مجھے بخش دے جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا اور جو کچھ میں نے پوشیدہ کیا

وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ ○ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ

اور جو کچھ علانیہ کیا اور اس کو بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ یا اللہ ہمیں

لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

اپنی خشیت سے اتنا حصہ دے کہ ہمارے اور گناہوں کے درمیان

مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ

حائل ہو جائے۔ اور اپنی اطاعت سے اتنا حصہ کہ تو ہمیں اس کے ذریعہ سے اپنی

جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا

جنت میں پہنچا دے۔ اور یقین سے اتنا حصہ کہ اس سے تو ہم پر دنیا کی

مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا

مصیبتیں آسان کر دے اور کام کا رکھ ہماری سماعتیں اور ہماری بینائیاں

**فائدہ ۵۹** اس دُعائے مذکورہ میں اللہ کے خوف اور ڈر کی حد بندی بیان فرمائی گئی ہے اس کا مفہوم یہ ہے اے اللہ صرف اتنا خوف عطا فرما جو ہمارے اور معصیتوں کے درمیان رکاوٹ بن جائے اور وہ نیکی عطا فرما جو ہمیں جنت میں پہنچانے کا ذریعہ بن جائے۔ اور اپنی ذات کا ایسا سچا یقین عطا فرما کہ اس کے بعد جو مصیبت بھی ہم پر آئے وہ ہمیں آسان معلوم ہو۔ نیز اس



http://mujahid.xtgem.com

وَقُوَّتِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ

اور ہماری قوت کو جب تک تو ہمیں زندہ رکھے اور اس کی خیر کو ہمارے بعد

مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا

باقی رکھنا اور ہمارا انتقام اس سے لے جو ہم پر ظلم کرے اور ہمیں اس پر

عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِىْ دِيْنِنَا

غلبہ دے جو ہم سے دشمنی کرے اور ہمارے دین میں ہمارے لئے مصیبت نہ ڈال،

وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَآ اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا

اور دنیا کو ہمارا مقصودِ اعظم نہ بنا اور نہ ہماری معلومات کی انتہا

وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا

اور نہ ہماری رغبت کی منزل مقصود، اور ہم پر اس کو حاکم نہ کر جو ہم پر

يَرْحَمُنَا ۞ ٦٠ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا

نامہربان ہو۔ یا اللہ ہمیں بڑھا، اور گھٹا مت اور ہمیں آبرو دے،

جامع دعا میں یہ تعلیم بھی دی گئی ہے کہ اے اللہ میرے دین کی حفاظت فرما اور ہمارے دین میں کوئی فتنہ اور مصیبت نہ ڈال اور دنیا کو ہمارا مقصد اور علم کی آخری حد نہ بنا اور جو شخص ہم پر ظلم اور زیادتی کرے تو ہماری طرف سے اس سے انتقام لے لے اور جو ہم سے دشمنی کرے ہمیں اس پر غالب رکھ اور ایسے شخص کو ہم پر حاکم نہ بنا جو بے رحم ہو یعنی ہم پر کسی ظالم حاکم کو مسلط نہ فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ

اور ہمیں خوار نہ کر، اور ہمیں عطا کر، اور ہمیں محروم نہ رکھ، اور ہمیں بڑھائے رکھ اور دوسروں کو ہم

عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ۶۱ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ

پر نہ بڑھا، اور ہمیں خوش رکھ اور ہم سے خوش رہ۔ یا اللہ میرے دل میں ڈال دے میری

رُشْدِيْ ۶۲ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ وَاَعْزِمْ لِيْ

سعادت۔ یا اللہ مجھے میرے نفس کی برائی سے محفوظ رکھ، اور مجھے میرے

عَلٰى رُشْدِ اَمْرِيْ ۶۳ اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي

امور کی اصلاح کی ہمت دے۔ میں اللہ سے دنیا و آخرت دونوں میں

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۶۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ فِعْلَ

عافیت مانگتا ہوں۔ یا اللہ میں تجھ سے توفیق چاہتا ہوں نیکیوں

الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ

کے کرنے کی اور برائیوں کے چھوڑنے کی اور غریبوں کی محبت کی

**فائدہ ۶۱** یہ عظیم دُعا جوزندگی کے ہر موڑ پر راہنمائی اور ہدایت کا ذریعہ بنتی ہے۔ حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمتہ اللہ علیہ نے اس دُعا کے سلسلے میں عجیب بات ارشاد فرمائی۔ فرمایا مجھے عمر بھر یاد نہیں کہ کسی کام کے کرنے سے پہلے میں نے یہ دُعا نہ پڑھی ہو اور پھر فرمایا مجھے عمر بھر یاد نہیں کہ میں نے یہ دُعا پڑھ کر کوئی فیصلہ کیا ہو اور مجھے پشیمانی ہوئی ہو۔



http://mujahid.xtgem.com

وَاَنْ تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ

اور یہ کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کرے اور جب تو کسی جماعت پر بلا نازل کرنے کا ارادہ

فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَّاَسْأَلُكَ حُبَّكَ

کرے تو مجھے اٹھالینا پہلے اس کے کہ میں اس بلا میں پڑوں، اور میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں،

وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى

اور اس شخص کی محبت (بھی) جو تجھ سے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کی (بھی) محبت جو تیری محبت سے

حُبِّكَ ۶۵ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ

قریب کردے۔ یا اللہ اپنی محبت مجھے پیاری کردے میری

نَّفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ۶۶ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ

جان سے اور میرے گھر والوں سے، اور سرد پانی سے بھی بڑھ کر۔ یا اللہ مجھے اپنی محبت

حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ

نصیب کر اور اس شخص کی بھی محبت جس کی محبت تیرے نزدیک میرے حق میں نافع ہو۔ یا اللہ

**فائدہ ۶۵** دعائے مذکورہ میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور ہر اس شخص کی محبت جو محبوب خدا ہو کا ذکر ہے یا اللہ ہمارے دل میں بھی ایسی محبت عطا فرما۔ **فائدہ ۶۶** اسی طرح ہر وہ عمل جو تیری محبت کا ذریعہ بنے وہ بھی عطا فرما اور جو کچھ تو نے ہم کو دیا ہے وہ ہمیں پسند آ جائے اور اس کو ہمارا معین و مددگار بنا دے ان تمام کاموں میں جو تجھے پسند ہوں۔



http://mujahid.xtgem.com

فَكَمَا رَزَقْتَنِي مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّي فِيمَا

جس طرح تو نے مجھے وہ دیا ہے جو مجھے پسند ہے، اُسے میرا معین بھی اس کام میں بنا دے جو

تُحِبُّ ۶۷ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّي مِمَّا أُحِبُّ

تجھے پسند ہے۔ یا اللہ جو تو نے دور رکھا مجھ سے ان چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں تو اسے

فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّي فِيمَا تُحِبُّ ۶۸ يَا مُقَلِّبَ

میرے حق میں موجب فراغ بنا دے جو تجھے پسند ہیں۔ اے دلوں

الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِينِكَ ۶۹ اَللّٰهُمَّ

کے پلٹنے والے میرا دل اپنے دین پر مضبوط رکھ۔ یا اللہ

إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيمًا لَّا يَنْفَدُ

میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمتیں کہ ختم نہ ہوں

وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور رفاقت اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی

**فائدہ ۶۷** یہ دُعائے مسنون ہر مسلمان کی دل کی آواز ہے۔ میرے والد حضرت مفتی محمد حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ پیغمبر علیہ السلام کی دُعائیں پکار پکار کر یہ بتا رہی ہیں کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کوئی بھی نہیں بتا سکتا۔ اس دُعا کا خلاصہ یہ ہے اے اللہ جو تو نے میری مرضی اور پسند کی دُعاؤں کو قبول فرمایا ہے تو ان کو ذریعہ بنا دے ان چیزوں کا جو تیری محبت کا



http://mujahid.xtgem.com

فِيْٓ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ ❀ اَللّٰهُمَّ

جنت کے اعلیٰ ترین مقام یعنی جنت خلد میں۔ یا اللہ

اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ صِحَّةً فِيْٓ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ

میں مانگتا ہوں تجھ سے تندرستی ایمان کے ساتھ اور ایمان حسن اخلاق

خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ

کے ساتھ اور کامیابی جس کے پیچھے تو مجھے فلاح بھی دے، اور رحمت تیری طرف سے

وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ❀ اَللّٰهُمَّ

اور عافیت اور مغفرت تیری طرف سے اور تیری خوشنودی۔ یا اللہ

انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ ○

تو نے جو علم مجھے دیا ہے اس سے مجھے نفع دے اور مجھے وہ علم دے جو مجھے نفع دے۔

❀ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ

یا اللہ بوسیلہ اپنے عالم الغیب ہونے کے اور مخلوق پر قادر ہونے کے

ذریعہ بنتی ہیں۔ اور اے اللہ جو تو نے میری پسندیدہ دُعاؤں کو قبول نہیں کیا ہے تو اے اللہ میرے دل کو پھیر دے اس سے ان دُعاؤں کی طرف جو تجھے پسند ہیں۔ **فائدہ ۷۱** یہ دُعائے مسنون تعلیم دے رہی ہے کہ اللہ سے وہ علم مانگا جائے جو نفع بخش اور کار آمد ہو۔ **فائدہ ۷۲** اس دُعا میں یہ سبق دیا گیا ہے کہ انسان کو موت کی تمنا نہیں کرنی چاہیئے البتہ اس طرح دُعا مانگے اے



http://mujahid.xtgem.com

أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّي وَتَوَفَّنِيْ إِذَا عَلِمْتَ

مجھے زندہ رکھ جب تک تیرے علم میں زندگی میرے حق میں بہتر ہو اور مجھے اٹھالینا جب تیرے علم

الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّي وَاَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ

میں موت میرے حق میں بہتر ہو۔ اور میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرا ڈر غائب

وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْإِخْلَاصِ فِي الرِّضٰى وَالْغَضَبِ

وحاضر میں اور اخلاص کی بات حالت عیش وطیش میں

وَاَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ

اور تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک جو جاتی نہ رہے

وَاَسْأَلُكَ الرِّضَاءَ بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ

اور تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم تکوینی پر رضامند رہنا اور خوش عیشی

الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلٰى

موت کے بعد اور تیرے دیدار کی لذت اور شوق تیری

اللہ جب تک میرے لیے زندگی بہتر ہے مجھے زندہ رکھ اور جب وفات بہتر ہو تو مجھے موت عطا فرما۔ ساتھ ہی اس دعا کی تعلیم دی گئی جو بشریت کے عین تقاضہ کے مطابق ہے یعنی اے پروردگار مجھے نعمت دینے کے بعد اس کو بقا نصیب فرما اور یہ بھی فرمایا کہ مجھے اپنے تمام احکام تکوینی پر راضی رہنے کی توفیق نصیب فرما۔ حسن خاتمہ کے حصول کی یہ بہترین دعا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

ملاقات کا اور تیری پناہ مانگتا ہوں آزار دینے والی مصیبت اور گمراہ کرنے والی بلا سے

اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً

اے اللہ ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کردے اور ہمیں راہنما

مُّهْتَدِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ

راہ یاب بنا دے۔ یا اللہ میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، فوری بھی

وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ﴿۴۴﴾ اَللّٰهُمَّ

اور دور کی بھی۔ اس میں سے بھی جس کا مجھے علم ہے اور جس کا مجھے علم نہیں ہے۔ یا اللہ

اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَ

میں تجھ سے وہ سب بھلائی مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے بندہ اور

نَبِيُّكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا

تیرے نبی نے مانگی۔ یا اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور جو چیز بھی اس سے قریب کرنے والی ہو،

**فائدہ ۴۳** اس دُعائے مذکورہ میں ہر قسم کی خیر دور ہو یا نزدیک اس کی تعلیم دی گئی ہے۔ یہ مختصر مگر ایک عظیم دُعا ہے۔ جس میں ہر قسم کی خیر اور بھلائی کو طلب کیا گیا ہے۔ **فائدہ ۴۴** اس دعائے مذکورہ میں وہ سب خیر اور بھلائی مانگی گئی ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے مانگی۔ اور ساتھ ہی ہر اس قول اور عمل کا سوال کیا گیا ہے جو جنت کے حصول کا ذریعہ ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ

قول سے ہو یا عمل سے۔ اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکم تکوینی کو میرے حق

قَضَيْتَهٗ لِيْ خَيْرًا ○ وَاَسْأَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ

میں بہتر کردے اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ تو میرے حق میں جاری کرے،

تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ۷۵ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي

اس کے انجام کو سعادت بنادے۔ یا اللہ ہمارا انجام تمام کاموں

الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ

میں اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے

الْاٰخِرَةِ ۷۶ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِيْ

محفوظ رکھ۔ یا اللہ مجھے اسلام کے ساتھ قائم رکھ کھڑے ہوئے، اور اسلام کیساتھ

بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا

قائم رکھ بیٹھے ہوئے۔ اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ لیٹے ہوئے، اور

**فائدہ ۷۵** یہ مسنون دُعا ہر انسان کو یاد رکھنی چاہیئے، جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔ **فائدہ ۷۶** اس دعا میں دونوں جہاں کی خیر اور بھلائی طلب کر لی گئی ہے یعنی ہمیں اسلام کے ساتھ ہمیشہ قائم رکھ اور اسلام کے ساتھ ہی ہمارا خاتمہ نصیب فرما اور دشمنوں اور حاسدوں کے شر اور طعنے سے ہمیں بچا۔



http://mujahid.xtgem.com

تُشْمِتَ بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا ۷۶ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

مجھ پر طعنہ کا موقع نہ دے، نہ کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو یا اللہ میں تجھ سے سب بھلائیاں

مِنْ کُلِّ خَیْرٍ خَزَآئِنُہٗ بِیَدِكَ ○ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ

مانگتا ہوں جن کے خزانے تیرے قبضہ قدرت میں ہیں۔ اور تجھ سے وہ بھلائی بھی مانگتا ہوں جو

الَّذِیْ ھُوَ بِیَدِكَ کُلِّہٖ ۷۷ اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا

تمام تر تیرے ہی قبضہ میں ہے۔ یا اللہ! ہمارا کوئی گناہ نہ چھوڑ

اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَہٗ

جسے تو نہ بخش دے اور نہ کوئی تشویش جسے تو دور نہ کردے۔ اور نہ کوئی قرضہ ایسا جسے تو ادا نہ کردے

وَلَا حَاجَۃً مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَضَیْتَھَا

اور نہ کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں میں سے ایسی جسے تو پوری نہ کردے،

یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۷۸ اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِكَ

اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔ یا اللہ ہماری امداد کر اپنے ذکر

**فائدہ ۷۷** اس دُعائے مذکورہ میں ہر قسم کے گناہوں کی معافی ہر قسم کے فکر و پریشانی سے نجات ہر قسم کے قرضے سے خلاصی اور مختصراً یہ کہ دنیا و آخرت کی تمام حوائج کو اس میں لپیٹ لیا گیا ہے۔

**فائدہ ۷۸** یہ دُعائے مسنون اکثر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرض نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے جس کا مفہوم یہ ہے یا اللہ اپنے ذکر شکر اور عمدہ عبادت کی توفیق عطا فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ۞ ۷۹ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ

اور اپنے شکر اور اپنے حسن عبادت کے باب میں ۔ یا اللہ مجھے قناعت دے، اس میں جو تو نے دیا

وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّيْ بِخَيْرٍ ۝

اور اس میں میرے لئے برکت دے۔ اور ہر غیب چیز میں میرا نگراں رہ خیریت کے ساتھ۔

۞ ۸۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّمَرَدًّا

یا اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں زندگی پاکیزہ اور موت ڈھنگ کی اور ایسی مراجعت

غَيْرَ مَخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۞ ۸۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ

جس میں میرے لئے رسوائی اور فضیحت نہ ہو۔ یا اللہ میں کمزور ہوں پس اپنی مرضیات

رِضَاكَ ضُعْفِيْ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ

میں میرا ضعف اپنی قوت سے بدل دے اور کشاں کشاں مجھے خیر کی طرف لے جا، اور اسلام کو میری

مُنْتَهٰى رِضَائِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ ۝

پسند کا منتہا بنا دے، میں ذلیل ہوں سو مجھے عزت دے اور میں محتاج ہوں سو مجھے رزق دے۔

**فائدہ ۷۹** اس دُعائے مسنونہ میں رزق میں قناعت کی دُعا کی تلقین کی جا رہی ہے حرص وطمع اور مال و دولت کو اکٹھا کرنے میں مست لوگوں کے لئے یہ دُعا مفید ہے۔ **فائدہ ۸۱** اس دعائے مسنونہ میں انسان اپنی بے بسی، اپنے ضعف کا واسطہ دے کر یہ عرض کر رہا ہے کہ اے اللہ تو میری بے بسی کو دیکھ اور اپنی خاص فضل و کرم سے مجھے خیر کی طرف لے جا۔



http://mujahid.xtgem.com

۸۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَسْئَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَآءِ وَخَیْرَ النَّجَاحِ

یااللہ میں تجھ سے ہی مانگتا ہوں بہترین سوال اور بہترین دعا اور بہترین کامیابی

وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ

اور بہترین عمل اور بہترین اجر، اور بہترین زندگی اور بہترین موت۔

وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ

اور مجھے ثابت قدم رکھ اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کر، اور میرے ایمان کو متحقق کر اور میرا درجہ بلند کر

وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ

اور میری نماز کو قبول کر۔ میں مانگتا ہوں تجھ سے جنت کے بلند درجے

اٰمِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهٗ

آمین۔ یااللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں خیر کی ابتدا بھی اور انتہا بھی،

وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ ○ اَللّٰهُمَّ

اور خیر کی جامع چیزیں اور خیر کا اول بھی اور خیر کا آخر بھی اور خیر کا ظاہر اور خیر کا باطن۔ یااللہ

**فائدہ ۸۲** دعائے مذکورہ میں درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ میدان حشر میں میزان عدل پر جب نیکیاں تولی جائیں تو نیکیوں کا پلڑا وزنی فرما۔ اور یہ درخواست کی گئی کہ یااللہ میرے ایمان کو مضبوط فرما، نمازوں کو قبول فرما اور میرا آغاز بھی خیر کے ساتھ اور میرا انجام بھی خیر پر فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ خَیْرَ مَآ اٰتِیْ وَخَیْرَ مَآ اَفْعَلُ وَخَیْرَ مَآ

میں تجھ سے خیر مانگتا ہوں اپنے ہر اس کام میں جسے اعضاء سے کروں یا دل سے

اَعْمَلُ وَخَیْرَ مَا بَطَنَ وَخَیْرَ مَا ظَهَرَ ۸۳ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ

کروں اور اس کی بھی خیر جو پوشیدہ ہے اور جو علانیہ ہے۔ یا اللہ میرا رزق خوب فراخ

رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ ۸۴ وَاجْعَلْ خَیْرَ

کر دینا میرے بڑھاپے میں اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت۔ اور میری عمر کا بہترین حصہ

عُمُرِیْٓ اٰخِرَهٗ وَخَیْرَ عَمَلِیْ خَوَاتِیْمَهٗ وَخَیْرَ اَیَّامِیْ یَوْمَ

اس کا آخری حصہ کرنا اور میرا بہترین عمل میرا آخرترین عمل کرنا اور میرا بہترین دن وہ کرنا

اَلْقَاكَ فِیْهِ ۝ یَا وَلِیَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِیْ بِهٖ

جس میں تجھ سے ملوں۔ اے اسلام اور اہل اسلام کے مددگار مجھے ثابت قدم رکھ اسلام پر

حَتّٰٓی اَلْقَاكَ ۝ اَسْأَلُكَ غِنَایَ وَغِنَا مَوْلَایَ ۝

یہاں تک کہ میں تجھ سے ملوں۔ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں اپنی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی۔

**فائدہ ۸۳** اس دُعائے مذکورہ میں یہ تعلیم دی جا رہی ہے کہ بڑھاپا جس میں آدمی کے اعضاء کمزور پڑ جاتے ہیں اور زندگی کے آخری لمحات میں رزق کی وسعت اور کشادگی کی دُعا تعلیم فرما کر ہماری کمزوری اور بے بسی کے لئے سہارا فرما دیا ہے۔ اور ساتھ ہی درخواست کی گئی کہ اے اللہ جس دن آپ سے ملاقات ہو وہ میری زندگی کا بہترین دن اور کامیابی والا دن بنا۔



http://mujahid.xtgem.com

۸۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ

یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں بُری عمر سے اور دل کے فتنہ سے۔

اَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ وَمِنْ

تیری پناہ مانگتا ہوں بہ واسطہ تیری عزت کے کہ کوئی معبود نہیں سوا تیرے اس سے کہ تو مجھے گمراہ کردے اور

جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ

بلا کی سختیوں سے اور بدقسمتی کے حصول سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے

الْاَعْدَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ

طعنہ سے اور اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا اور ہر اس کام کی برائی سے جسے میں نے نہیں کیا

وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ وَمِنْ

اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم ہے اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم نہیں اور تیری

زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ

نعمت کے جاتے رہنے سے اور تیرے امن کے پلٹ جانے سے اور تیرے عذاب کے آجانے سے

**فائدہ ۸۵** اس دُعا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیس تکلیفوں کا ذکر فرما کر ہمیں ہر قسم کی بلا اور مصیبت سے بچنے اور اللہ کی حفاظت میں آنے کا عظیم نسخہ عطا فرما دیا ہے۔ مثلاً بلا کی مشقت، بدبختی، دشمنوں کے طعنے، گمراہی، نعمتوں کے زوال، عافیت کے پلٹنے، فاقہ وغیرہ سے پناہ کی تعلیم دی جا رہی ہے اور سب سے بڑھ کر موت کے وقت شیطان کے مکر اور چالاکی سے



http://mujahid.xtgem.com

وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ وَمِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَمِنْ شَرِّ

اور تیری ناخوشی سے اور اپنی شنوائی کی خرابی سے اور اپنی بینائی کی

بَصَرِيْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِيْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ

خرابی سے اور اپنی زبان کی خرابی سے اور اپنے دل کی خرابی سے اور اپنی

شَرِّ مَنِيِّيْ وَمِنَ الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ

منی کی خرابی سے اور فاقہ سے اور اس سے کہ میں کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے

وَمِنَ الْهَدَمِ وَمِنَ التَّرَدِّيْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ

اور کسی چیز کا اوپر گر جانے سے اور میرا کسی پر گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے

وَاَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَمِنْ

اور اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت گڑبڑ میں ڈال دے اور اس سے

اَنْ اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا۰

کہ میں جہاد سے بھاگتا ہوا مروں اور اس سے کہ میں جانور کے ڈسنے سے مروں۔

حفاظت کی دُعا سکھائی جارہی ہے۔ اس دعا میں تمیں ایسی مصیبتوں و بلاؤں اور پریشانیوں کا نام لیکر ہمیں سکھلایا جارہا ہے کہ اس طرح دعا مانگیں اور ان مصیبتوں سے بچنے کیلئے کیسی پاکیزہ تعلیم دی جارہی ہے۔ قربان جائیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہماری ایک ایک تکلیف کا ذکر فرما کر ہمیں سکھایا جارہا ہے کہ اس طرح اللہ سے دعا مانگو۔



http://mujahid.xtgem.com



تیسری منزل
بروز پیر



# خُطبہ مُناجاتِ مقبُول

ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے
خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ○ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ○ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جا سکتی ہے اور ان سب سے

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ○ مِنْ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

الرَّسُوْلِ ○ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ○

ہے اور رسول اللہ ﷺ کی دعائیں سکھائیں۔ اے اللہ آپ پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ مغرب اور مشرق

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ○ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

سَنَقُوْلُ ○ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ○

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

# تیسری منزل بروز پیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۸۶ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَكُوْرًا

یا اللہ مجھے بڑا صبر والا بنا دے اور مجھے بڑا شکر والا بنا دے

وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ

اور مجھے میری نظر میں چھوٹا بنا دے اور دوسروں کی نظر میں

كَبِیْرًا ۸۷ اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِیْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِیْنَتَهَا

بڑا بنا دے۔ یا اللہ ہمارے ملک میں برکت رکھ دے اور شادابی رکھ دے

وَسَكَنَهَا وَلَا تَحْرِمْنِیْ بَرَكَةَ مَآ اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا

اور امن رکھ دے اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے اس کی برکت سے مجھے محروم نہ رکھ اور جس چیز سے

**فائدہ ۸۶** اس دُعائے مسنونہ میں یہ تعلیم دی جا رہی ہے کہ اے اللہ مجھے میری نظر میں چھوٹا اور لوگوں کی نظر میں بڑا بنا دے۔ جس سے یہ سبق دیا جا رہا ہے کہ انسان اپنے آپ کو اپنی نگاہ میں کبھی بڑا نہ سمجھے اور ساتھ ہی یہ سبق دیا جا رہا ہے کہ دوسروں کی نگاہ میں اپنے آپ کو ذلیل نہ کرے۔ اس کے پڑھنے والے کیلئے بشارت ہے کہ وہ دنیا میں لوگوں کے سامنے رسوا نہ ہوگا۔



http://mujahid.xtgem.com

تَفْتِنِّىْ فِيْمَآ اَحْرَمْتَنِىْ ۝۸۸ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِىْ فَاَحْسِنْ

تو نے مجھے محروم رکھا مجھے فتنہ میں نہ ڈال۔ یا اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت بھی

خُلُقِىْ ۝ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِىْ وَاَجِرْنِىْ مِنْ مُّضِلَّاتِ

اچھی کر دے اور میرے دل کی تنگی دور کر دے، اور گمراہ کرنے والے فتنوں سے

الْفِتَنِ مَآ اَحْيَيْتَنَا ۝۸۹ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّىْ حُجَّةَ

مجھے بچائے رکھ جب تک تو ہمیں زندہ رکھے۔ یا اللہ مجھے موت کے وقت

الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ ۝۹۰ رَبِّ اَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِىْ

حجت ایمان تلقین کر دے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی

هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ ۝۹۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْأَلُكَ

مانگتا ہوں جو آج کے دن میں ہو اور جو اس کے بعد ہو۔ یا اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں

خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَفَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ

بھلائی آج کے دن کی اور اس کی فتح اور اس کی ظفر اور اس کا نور اور اس کی برکت

**فائدہ ۸۸** یہ دُعائے مسنونہ آئینہ دیکھتے وقت پڑھنا مسنون ہے مفہوم کتنا پیارا ہے کہ اے اللہ آپ نے میری صورت اچھی بنائی ہے میرے اخلاق بھی اچھے بنا۔ **فائدہ ۸۹** یہ مختصر دعا ہر وقت ورد زبان رہنی چاہئے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ موت کے وقت مجھے ایمان اور کلمہ طیبہ نصیب فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

وَهُدَاهُ ❀۹۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

اوراس کی ہدایت۔ یااللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں معافی اور امن

فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِیْ

اپنے دین میں اوراپنی دنیامیں اوراپنے اہل و مال میں۔ یااللہ میرا عیب ڈھانپ دے

وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْۢ بَيْنِ يَدَیَّ

اورخوف کوامن سے بدل دے۔ یااللہ میری حفاظت کر میرے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَّمِيْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ

اور پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے بائیں سے اور میرے

فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ ○

اوپر سے۔اورمیں تیری عظمت کے واسطہ سے پناہ چاہتا ہوں کہ نا گہاں اپنے نیچے سے پکڑ لیا جاؤں۔

❀۹۳ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِیْ

یاحیّ یاقیّوم! میں تیری رحمت کے واسطہ سے تجھ سے فریاد کرتا ہوں کہ درست کردے

**فائدہ ۹۲** یہ دُعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے باربار سوال کرنے پر تلقین فرمائی اور فرمایا کہ یہ وہ مختصر اور عظیم دُعا ہے کہ جس کی یہ دُعا قبول ہوگئی اس کو دونوں جہاں کی راحتیں نصیب ہوگئی۔ مفہوم اس دُعا کا یہ ہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں معافی کا اور دین و دنیا میں عافیت کا۔

**فائدہ ۹۳** دعائے مذکورہ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے اسکی تلاوت



http://mujahid.xtgem.com

شَأْنِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْٓ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ ○

میرے سارے حال کو اور مجھے میرے نفس کی طرف ایک لمحہ کے لئے بھی نہ سونپ۔

۹۴ اَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْٓ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ

میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے چہرے کے نور کے واسطہ سے جس سے روشن ہیں آسمان

وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ

وزمین اور ہر اس حق کے واسطہ سے جو تیرا ہے، اور اس حق کے واسطہ سے جو مانگنے والے کو

عَلَیْكَ اَنْ تُقِیْلَنِیْ وَاَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنَ النَّارِ

تجھ پر ہے، کہ تو مجھ سے درگذر کرے اور یہ کہ مجھے پناہ دے دوزخ سے

بِقُدْرَتِكَ ۹۵ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ

اپنی قدرت سے یا اللہ آج کے دن کے اول حصہ کو میرے حق میں

صَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْأَلُكَ

بہتر بنادے اور درمیانی حصہ کو فلاح اور اس کے آخری حصہ کو کامیابی۔ میں تجھ سے دنیا

فرماتے ہمارے اساتذہ اور مشائخ نے اس دعا کی کثرت کو ہر مصیبت اور پریشانی کے دور کرنے کے لئے اکسیر نسخہ فرمایا۔ **فائدہ ۹۵** دعائے مذکورہ کے مفہوم پر ذرا غور کریں کہ اس میں صبح، دوپہر، شام کی تمام بھلائیاں مانگی جارہی ہیں اور آخر میں خلاصہ کہ اے ارحم الراحمین دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں ہمیں عطا فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۹۶ اَللّٰهُمَّ

اور آخرت دونوں کی بھلائی چاہتا ہوں اے سب سے بڑے مہربان۔ یا اللہ

اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَئْ شَيْطٰنِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَثَقِّلْ

میرے گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو دور کر دے اور میرا بند کھول دے اور بھاری کر دے

مِيْزَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى ۹۷ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ

میرا پلہ اور مجھے طبقہ اعلیٰ میں شمار کر دے۔ یا اللہ مجھے اپنے

عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۹۸ اَللّٰهُمَّ رَبَّ

عذاب سے بچا دینا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائیو۔ یا اللہ پروردگار ساتوں

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَآ

آسمانوں کے اور ہر اس چیز کے جس پر ان کا سایہ ہے اور اے رب زمینوں کے اور جسے وہ ہیں

اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيٰطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا

اٹھائے ہوئے اور اے رب شیطانوں کے اور جس کو انہوں نے گمراہ کیا ہے۔ میرے نگہبان رہیو

**فائدہ ۹۷** یہ دعا آخرت کے غذاب سے بچاؤ کا بہترین وسیلہ ہے۔ **فائدہ ۹۸** اس دعا میں ساتوں آسمان اور زمینوں کا واسطہ دے کر عجیب درخواست تعلیم دی جارہی ہے کہ اے اللہ مجھے اپنی تمام مخلوق کی شرارتوں سے محفوظ فرما تا کہ مجھ پر کوئی ظلم یا زیادتی نہ کرے بڑا بابرکت تیرا نام ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ

تمام مخلوق کی برائی سے۔ اس سے کہ مجھ پر ظلم کرے

اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ

کوئی ان میں سے یا تعدی کرے۔ محفوظ تیرا ہی پناہ دیا ہوا ہے اور بابرکت ہے

اسْمُكَ ۹۹ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ سُبْحَانَكَ

تیرا نام کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، کوئی تیرا شریک نہیں ہے۔ پاک ہے تو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ ○

یا اللہ میں تجھ سے ہر گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے تیری رحمت طلب کرتا ہوں۔

۱۰۰ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ

یا اللہ میرے گناہ بخش دے اور مجھے میرے گھر میں وسعت دے

وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ۱۰۱ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

اور مجھے میرے رزق میں برکت دے۔ یا اللہ مجھے کردے بہت

**فائدہ ۱۰۰** اس دعائے مذکورہ میں عجیب دعا سکھائی گئی کہ میرے گناہوں کو معاف فرما اور میرے گھر کو وسیع اور کشادہ فرما اور میرے رزق میں برکت اور خیر عطا فرما۔ موجودہ فتنوں کے دور میں وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ دعا کا مفہوم ذہن میں رکھیے اسمیں یہ سبق دیا جا رہا ہے کہ فتنوں سے بچاؤ کے لئے گھر کی چار دیواری سے باہر بلا ضرورت نہ نکلا جائے



http://mujahid.xtgem.com

مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ○

توبہ کرنے والوں میں سے اور مجھے بہت پاک صاف لوگوں میں کردے۔

۱۰۲ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ ○

یا اللہ مجھے بخش دے اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق دے اور مجھے عافیت دے

وَاهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ ○

اور جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہو اس میں مجھے اپنے حکم سے راہ صواب دکھادے۔

۱۰۳ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ

یا اللہ نور کردے میرے دل میں اور نور کردے میری

نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا

بینائی میں اور نور کردے میری شنوائی میں اور نور کردے میری داہنی طرف

وَّعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِيْ

اور نور کردے میری بائیں طرف اور نور کردے میرے پیچھے اور نور کردے میرے سامنے

**فائدہ ۱۰۳** یہ دُعائے مسنونہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت پڑھا کرتے تھے۔ اس قدر پیارے پیارے کلمات ہیں کہ جس میں یہ دُعا مانگی جارہی ہے یا اللہ دل میں نور آنکھوں میں نور کانوں میں نور دائیں بائیں اوپر نیچے گوشت خون ہر چیز میں نور ہی نور کا سوال کیا گیا ہے۔ اور قرآنی دعاؤں میں اس نور کی دعا کو شامل کیا گیا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا

اور میرے لئے ایک خاص نور کر دے اور نور کر دے میرے پٹھوں میں

وَّفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ شَعْرِیْ

اور نور کر دے میرے گوشت میں اور نور کر دے میرے خون میں اور نور کر دے میرے بالوں میں

نُوْرًا وَّفِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

اور نور کر دے میری جلد میں اور نور کر دے میری زبان میں اور نور کر دے

فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ نُوْرًا

میری جان میں اور مجھے نور عظیم دے اور مجھے سراپا نور کر دے

وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا

اور میرے اوپر نور عطا کر دے۔ اور میرے نیچے نور کر دے

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا ۱۰۴ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَآ اَبْوَابَ

اے اللہ مجھے نور عطا کر دے یا اللہ ہم پر کھول دے دروازے

**فائدہ ۱۰۴** اس دُعا میں رحمت کے دروازوں کے کھولنے کا سوال اور رزق کے دروازوں کے آسان کرنے کی درخواست تعلیم فرما کر ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ دنیا اور اس کے حصول کے لئے اللہ سے سوال موجب اجر وثواب ہے اور یہی دُعا مسجد میں داخلے کے وقت پڑھی جاتی ہے۔ اور ساتھ ہی یہ درخواست کی جارہی ہے کہ رزق کے تمام دروازوں کو ہمارے لئے آسان فرما دے۔

http://mujahid.xtgem.com

رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَآ اَبْوَابَ رِزْقِكَ ○

اپنی رحمت کے اور اپنے رزق کے دروازے ہمارے لئے آسان کردے۔

۱۰۵ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطٰنِ ۱۰۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

یااللہ مجھے شیطان سے محفوظ رکھ۔ یااللہ میں تجھ سے

اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ۱۰۷ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ

تیرے (فضل وکرم) کا طالب ہوں۔ یااللہ میری کل خطائیں

وَذُنُوْبِيْ كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِيْ وَاَحْيِنِيْ

اور قصور بخش دے یااللہ مجھے رفعت دے اور مجھے زندہ رکھ

وَارْزُقْنِيْ وَاهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ

اور مجھے رزق دے اور مجھے اچھے اعمال واخلاق کی طرف ہدایت دے،

اِنَّهٗ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَآ اِلَّا

بے شک نہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری کرتا ہے اور نہ بداعمالیوں سے کوئی بچاتا ہے سوا

**فائدہ ۱۰۵** یہ مختصر سی آدھی لائن کی دُعا موجودہ فتنے کے دور میں جہاں شیطان نے ہر چہار طرف سے ہم پر اور ہمارے اہل وعیال پر حملہ کیا ہے اور ہمارے ایمان کو تباہ و برباد کرنے کی سازشیں ہمارے گھروں میں داخل ہوچکی ہیں اس پرفتن حالات میں یہ دُعا ہماری حفاظت کا کام دے گی۔ یہ دعا اپنے اہل وعیال کو وردِ زبان رکھنی چاہیئے۔



http://mujahid.xtgem.com

اَنْتَ ❀۱۰۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا

تیرے۔ یا اللہ میں تجھ سے رزق پاکیزہ طلب کرتا ہوں اور علم کارآمد

وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ❀۱۰۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ

اور عمل مقبول۔ یا اللہ میں بندہ ہوں تیرا، اور بیٹا ہوں

عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ

تیرے بندہ کا، اور بیٹا ہوں تیری بندی کا، ہمہ تن تیرے قبضہ میں ہوں، نافذ ہے میرے بارے میں

حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ

تیرا حکم۔ عین عدل ہے میرے باب میں تیرا فیصلہ۔ میں تجھ سے ہر اس اسم کے واسطہ سے

هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ

جس سے تو نے اپنی ذات کو موصوف کیا ہے یا اس کو اتارا ہے

كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗٓ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

اپنی کتاب میں یا اسے بتایا ہے کسی کو اپنی مخلوق میں سے

**فائدہ ۱۰۸** یہ دُعائے مسنونہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مکہ مکرمہ میں آبِ زمزم نوش فرمانے کے بعد پڑھی تھی۔ کیسی پیاری دُعا ہے کہ جس میں پاکیزہ رزق کارآمد علم اور مقبول عمل کی درخواست کی گئی ہے **فائدہ ۱۰۹** یہ طویل دُعا جس میں اپنی عبدیت کا واسطہ دے کر درخواست کی جارہی ہے اے اللہ اس قرآن عظیم کو ہمارے دل کی بہار، آنکھوں کا نور، ہر غم اور فکر کی دوری کا سبب بنادے۔



http://mujahid.xtgem.com

اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ

یا اپنے پاس اسے غیب ہی میں رہنے دیا ہے، یہ کہ میں

تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ

درخواست کرتا ہوں کہ قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار بنا دے اور میری آنکھ کا نور

وَجِلَاءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ ۱۱۰ اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ

اور میرے غم کی کشائش، اور میری تشویش کا دفعیہ۔ یا اللہ! معبود

جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِیْمَ

جبرائیلؑ کے، اور میکائیلؑ کے اور اسرافیلؑ کے اور معبود ابرہیمؑ کے

وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِیْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ

اور اسمائیل کے اور اسحٰقؑ کے مجھے عافیت دے اور میرے اوپر

اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَیَّ بِشَیْءٍ لَّا طَاقَةَ لِیْ بِهٖ ○

اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کر دے جس کی برداشت مجھ میں نہ ہو۔

**فائدہ ۱۱۰** اس دُعا میں حضرت جبرئیل علیہ السلام، میکائیل علیہ السلام، اسرافیل علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام اور اسحٰق علیہ السلام کے نام لے کر ان کے خدا کا واسطہ دے کر یہ عجیب دُعا طلب کی جارہی ہے اے اللہ عافیت نصیب فرما اور اپنی مخلوق میں سے ایسے شخص کو مجھ پر مسلط نہ فرمانا کہ جس کی برداشت اور طاقت مجھ میں نہ ہو۔



http://mujahid.xtgem.com

۱۱۱ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ
یا اللہ مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچالے
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۱۱۲ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ
اور اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔ یا اللہ تو
تَسْمَعُ کَلَامِیْ وَتَرٰی مَکَانِیْ وَتَعْلَمُ سِرِّیْ
میری بات کو سنتا ہے اور میری جگہ کو دیکھتا ہے اور جانتا ہے میرے پوشیدہ
وَعَلَانِیَتِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْكَ شَیْءٌ مِّنْ اَمْرِیْ
اور ظاہر کو۔ تجھ سے میری کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی
وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِیْرُ الْمُسْتَغِیْثُ الْمُسْتَجِیْرُ
اور میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، فریادی ہوں، پناہ جو ہوں،
الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِیْٓ اَسْأَلُكَ
ترساں ہوں، ہراساں ہوں اقراری ہوں معترف ہوں گناہوں کا، سوال کرتا ہوں

**فائدہ ۱۱۱** یہ دُعا موجودہ حالات میں قرض میں دبے ہوئے اور پسے ہوئے لوگوں کے لئے اکسیر نسخہ ہے۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو عطا فرمایا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ مجھے رزق حلال میں کفایت عطا فرما اور اپنے ماسوا سے مجھے بے پروا کردے۔ **فائدہ ۱۱۲** یہ طویل دُعا اپنے اندر عجیب مفہوم رکھتی ہے جس میں



http://mujahid.xtgem.com

مَسْئَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ

جیسے بیکس سوال کرتے ہیں۔ اور تیرے آگے گڑگڑاتا ہوں، جیسے گنہگار

الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ

ذلیل وخوار گڑگڑاتا ہے۔ اور تجھ سے طلب کرتا ہوں جیسے خوف زدہ

الضَّرِيْرِ وَدُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ

آفت رسیدہ طلب کرتا ہے اور جیسے وہ شخص طلب کرتا ہے جس کی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو

وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ

اور اس کے آنسو بہہ رہے ہوں، اور تن بدن سے وہ تیرے آگے فروتنی کیے ہوئے ہو اور اپنی ناک

لَكَ اَنْفُهٗ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَآئِكَ شَقِيًّا وَّكُنْ

تیرے سامنے رگڑ رہا ہو۔ یا اللہ تو مجھے اپنے سے دعا مانگنے میں ناکام نہ رکھ، اور میرے حق

بِيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ

میں بڑا مہربان نہایت رحیم ہو جا! اے سب مانگے جانے والوں سے بہتر! اے سب دینے

انسان اپنے آپ کو اللہ کی بارگاہ میں اس طرح پیش کرتا ہے کہ اے اللہ میرا کوئی کام آپ سے پوشیدہ نہیں۔ میں مصیبت زدہ ہوں محتاج ہوں' فریادی ہوں' پناہ تلاش کر رہا ہوں' خوف زدہ حراساں ہوں۔ اپنے گناہوں کا اقراری مجرم ہوں یہ ایک بے کس کا سوال اور ایک رورو کر دُعا پیش کر رہا ہوں۔ اے اللہ تو مجھے ان دُعاؤں میں ناکام نامراد نہ فرمانا۔



http://mujahid.xtgem.com

الْمُعْطِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْا ضُعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ

والوں سے بہتر! یا اللہ میں تجھی سے شکوہ کرتا ہوں اپنے ضعف قوت کا اور اپنی

حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ يَآ اَرْحَمَ

کم سامانی کا اور لوگوں کی نظر میں اپنی کم وقعتی کا اے سب سے بڑھ کر

الرّٰحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْٓ اِلٰى عَدُوٍّ يَّتَهَجَّمُنِيْٓ

رحم کرنیوالے! تو مجھے کس کے سپرد کرتا ہے! آیا کسی دشمن کے جو مجھے دبائے!

اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ مَّلَّكْتَهٗٓ اَمْرِيْٓ اِنْ لَّمْ تَكُنْ

یا کسی دوست کے قبضہ میں میرے سب کام دے رہا ہے! تو اگر مجھ سے

سَاخِطًا عَلَيَّ فَلَآ اُبَالِيْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ

ناخوش نہ ہو تو مجھے ان میں سے کسی چیز کی پرواہ نہیں ہے۔ پھر بھی تیرا دیا ہوا امن ہی میرے لئے

اَوْسَعُ لِيْ ١١٣ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً

زیادہ گنجائش رکھتا ہے۔ یا اللہ ہم تجھ سے ایسے دل مانگتے ہیں جو بہت تاثر قبول کرنیوالے ہوں،

**فائدہ ١١٣** یہ دُعائے مسنونہ طائف کے میدان میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا سب سے زیادہ تکلیف دہ اور پریشان کن وقت تھا۔ ان تمام پریشانیوں کا واسطہ دے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درخواست کی اے اللہ اگر میری ان تکالیف و پریشانی میں آپ کی رضا اور خوشنودی ہے تو مجھے اس کی کچھ پرواہ نہیں اور اے اللہ میری یہ درخواست ہے کہ آپ مجھے امن وچین عطا فرمادیں۔



http://mujahid.xtgem.com

مُخْبِتَةً مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ ۱۱۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

بہت عاجزی، بہت رجوع کرنے والے ہوں تیری راہ میں۔ یا اللہ میں تجھ

اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا

سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہو جائے اور وہ یقین

صَادِقًا حَتّٰٓى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْٓ اِلَّا مَا

پختہ جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ تک کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی مگر وہی جو تو

كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًى مِّنَ الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ

میرے لئے لکھ چکا ہے اور اس چیز پر رضامندی جو تو نے معاش میں سے میرے حصہ میں

لِيْ ۱۱۵ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا

کردی ہے۔ یا اللہ تیرے واسطے کل تعریف ہے جیسی کہ تو فرماتا ہے اور اس سے بڑھ کر

مِّمَّا نَقُوْلُ ۱۱۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

جو ہم کہتے ہیں۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں

**فائدہ ۱۱۶** اس دُعائے مسنونہ میں ناپسندیدہ اخلاق اور اعمال اور برے پڑوسی سے پناہ مانگ کر ایک عظیم سبق سکھا دیا اور دشمن کے غلبہ اور ان تمام فتنوں سے جو ظاہری ہوں یا باطنی ہوں ان سے بھی پناہ مانگنے کا سبق سکھایا جا رہا ہے۔ دعائے مذکورہ میں اعمال اور اخلاق کی درستگی کا سوال سکھایا جا رہا ہے اور ساتھ ہی یہ سبق پڑھایا جا رہا کہ ہر اس برائی سے میں پناہ مانگتا ہوں



http://mujahid.xtgem.com

مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ

ناپسندیدہ اخلاق سے    اور اعمال سے    اور نفسانی خواہشوں سے

وَالْاَدْوَآءِ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ

اور بیماریوں سے    اور ہم تیری پناہ میں آتے ہیں    ہر اس چیز سے جس سے

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ جَارِ

تیرے نبی    محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے    اور مستقل

السُّوْٓءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ

قیامگاہ میں برے پڑوسی سے    اسلئے کہ سفر کا ساتھی تو چل

يَتَحَوَّلُ وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنَ

ہی دیتا ہے۔    اور دشمن کے غلبہ سے،    اور دشمنوں کے طعنہ سے    اور

الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ فَبِئْسَتِ

بھوک سے    کہ وہ بری ہمخواب ہے،    اور خیانت سے کہ وہ بری

جس سے نبی ﷺ نے پناہ مانگی ہے۔ اور یہ بھی تعلیم دی جارہی ہے کہ اے اللہ ہمیں ظاہری اور باطنی فتنوں سے ہمیں محفوظ فرما نیز برے دن بری رات اور بری گھڑی اور برے ساتھی سے محفوظ فرما آمین۔ اس دعا کو بغور پڑھیں اور اپنے ماحول کا جائزہ لیں تو کس طرح آنحضرت ﷺ نے ہمیں ایسی پیاری دعائیں سکھلا کر ہماری حاجات اور ضروریات کا کس قدر لحاظ فرمایا ہے



http://mujahid.xtgem.com

الْبِطَانَةُ وَاَنْ نَّرْجِعَ عَلٰٓى اَعْقَابِنَآ اَوْ نُفْتَنَ عَنْ

ہمراز ہے اور اس سے کہ ہم پچھلے پیروں لوٹ جائیں۔ یا فتنہ میں پڑ کر الگ ہو

دِيْنِنَا وَمِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَمِنْ

جائیں دین سے اور سارے فتنوں سے جو ظاہری ہوں یا باطنی ہوں اور

يَوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ

برے دن سے اور بری رات سے اور بری گھڑی سے

وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ ۝

اور برے ساتھی سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ
الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ
جو شخص جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد اپنی جگہ سے اُٹھنے سے پہلے ۸۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے
اُس کے ۸۰ سال کے گناہ مُعاف ہونگے اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب اس کے لیے لکھا جائیگا



http://mujahid.xtgem.com



چوتھی منزل

بروز منگل



# خُطبہ مُناجاتِ مقبُول

ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے
خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحۡمَدُكَ یَا خَیۡرَ مَاۡمُوۡلٍ ○ وَاَكۡرَمَ مَسۡئُوۡلٍ ○ عَلٰی مَا عَلَّمۡتَنَا

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جا سکتی ہے اور ان سب سے

مِنَ الۡمُنَاجَاةِ الۡمَقۡبُوۡلِ ○ مِنۡ قُرُبٰتٍ عِنۡدَ اللّٰہِ وَ صَلَوٰتِ

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

الرَّسُوۡلِ ○ فَصَلِّ عَلَیۡهِ مَا اخۡتَلَفَ الدَّبُوۡرُ وَالۡقَبُوۡلُ ○

ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ اے اللہ آپ پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ مغرب اور مشرق

وَانۡشَعَبَتِ الۡفُرُوۡعُ مِنَ الۡاُصُوۡلِ ○ ثُمَّ نَسۡئَلُكَ بِمَا

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

سَنَقُوۡلُ ○ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنۡكَ الۡقَبُوۡلُ ○

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

# چوتھی منزل بروز منگل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱۱۷ اَللّٰھُمَّ لَکَ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ وَاِلَیْکَ

یا اللہ تیرے ہی لئے ہے میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا اور تیری ہی طرف

مَاٰبِیْ وَلَکَ رَبِّ تُرَاثِیْ ۱۱۸ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ مِنْ

ہے میرا رجوع اور تیرا ہی ہے جو کچھ میں چھوڑ جاؤں گا۔ یا اللہ میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں

خَیْرِ مَا تَجِیْٓءُ بِهِ الرِّیَاحُ ۱۱۹ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اُعَظِّمُ

ان چیزوں کی جنہیں ہوائیں لاتی ہیں۔ یا اللہ مجھے ایسا کردے کہ تیرا بڑا

شُکْرَکَ وَاُکْثِرُ ذِکْرَکَ وَاَتَّبِعُ نَصِیْحَتَکَ وَاَحْفَظُ

شکر کروں اور تیرا ذکر بہت کرتا رہوں اور تیری نصیحتوں کو مانتا رہوں اور تیری ہدایتوں

**فائدہ ۱۱۷** اس دُعائے مذکورہ میں یہ عظیم درس دیا جارہا ہے کہ ہماری نمازیں ہماری قربانیاں بلکہ ہماری زندگی کی تمام تر عبادتیں اور عادتیں اللہ ہی کی رضا کی نیت سے ہونی چاہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طریقہ ایسا بیان فرمادیا کہ ذرا سا زاویہ نگاہ درست کرلیا جائے تو ہمارا کھانا پینا، سونا جاگنا، رونا ہنسنا عبادت بنادیا گیا ہے۔ **فائدہ ۱۱۹** اس دُعا میں



http://mujahid.xtgem.com

وَصِيَّتَكَ ط اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا

کو یاد رکھوں۔ یا اللہ ہمارے دل اور ہم خود سرتاپا اور ہمارے اعضا تیرے ہی

بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ

قبضہ میں ہیں تو نے ہمیں ان میں سے کسی چیز پر اختیار نہیں دیا پس جب تو نے ہمارے ساتھ

بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيْلِ

یہ کیا ہے تو تو ہی ہمارا مددگار رہیو، اور ہمیں سیدھی راہ دکھائے رہیو۔

۱۲۰ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ

یا اللہ اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے محبوب تر اور اپنے ڈر

خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ

کو میرے لئے تمام چیزوں سے خوفناک تر بنادے اور مجھے اپنی ملاقات

حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاِذَآ اَقْرَرْتَ

کا شوق دے کر دنیا کی حاجتیں مجھ سے قطع کردے۔ اور جہاں تو نے

درخواست کی گئی کہ یا اللہ میں تیرا شکر گزار بندہ بنوں کثرت سے تیرا ذکر کروں۔ تیری نصیحتیں مانوں اور تیری ہدایتوں کو مانوں۔ یا اللہ ہمارے دل اور ہمارے تمام اعضاء آپ کے قبضے میں ہے۔ ہماری آپ سے درخواست ہے کہ آپ ہمارے محافظ بنیں اور ہمیں سیدھی راہ دکھائیں۔

**فائدہ ۱۲۰** دُعائے مذکورہ میں اللہ کی محبت اور کائنات کی تمام چیزوں سے زیادہ محبوب بننے کی



http://mujahid.xtgem.com

أَعْيُنَ أَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاقْرِرْ عَيْنِي

دنیا والوں کی آنکھیں ان کی دنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں میری آنکھ ٹھنڈی رکھ

مِنْ عِبَادَتِكَ ۱۲۱ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ

اپنی عبادت سے یا اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تندرستی کی

وَالْعِفَّةَ وَالْأَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰى بِالْقَدَرِ

اور پاکبازی کی اور امانت کی اور حسن خلق کی اور تقدیر پر راضی رہنے کی۔

۱۲۲ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا اَللّٰهُمَّ

یا اللہ تیری تعریف ہے شکر کے ساتھ اور تیرا ہی حصہ ہے فضل و کرم کے ساتھ ہر طرح احسان کرنا، یا اللہ

إِنِّيْ أَسْأَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْأَعْمَالِ

میں تجھ سے توفیق طلب کرتا ہوں اعمال کی جو تجھے پسند ہوں

وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ

اور تجھ پر سچے توکل کی اور تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

درخواست کی گئی ہے اور اللہ کے ڈر کو تمام چیزوں سے زیادہ ڈر بنانے کی درخواست کی گئی ہے اور اللہ کی ملاقات کی تمنا اور آخر میں یہ درخواست کہ میری آنکھوں کو اپنی عبادت سے ٹھنڈا کر دے۔ **فائدہ ۱۲۱** یہ مختصر سی عجیب و غریب دُعا ہے جس میں صحت، امانت، حسن خلق اور تقدیر پر راضی رہنے کی درخواست کی جا رہی ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

۱۲۳ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِيْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِيْ

یا اللہ میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لئے کھول دے اور مجھے نصیب کر

طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ ۱۲۴ اَللّٰهُمَّ

فرمانبرداری اپنی اور فرمانبرداری اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اور عمل تیری کتاب پر۔ یا اللہ

اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ كَاَنِّيْ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ

مجھے ایسا کر دے کہ میں تجھ سے ڈرا کروں گویا میں تجھے دیکھتا رہتا ہوں یہاں تک کہ تجھ سے آملوں

وَاَسْعِدْنِيْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ ○

اور مجھے تقویٰ سے سعادت دے اور مجھے شقی نہ بنا اپنی معصیت سے۔

۱۲۵ اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِيْ فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ تَيْسِيْرَ كُلِّ

یا اللہ ہر دشوار کو آسان کر کے مجھ پر فضل و کرم کر دے تیرے لئے ہر دشواری

عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ وَّاَسْاَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِي

کو آسان کر دینا آسان ہی ہے۔ اور میں تجھ سے دنیا و آخرت دونوں ہی میں سہولت اور معافی

**فائدہ ۱۲۴** دُعائے مذکورہ میں عجیب انداز سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ یا اللہ میرے دل میں اپنی فکر اور خشیت ڈال دیجئے اس طرح کہ گویا میں ہر وقت آپ کو دیکھتا رہوں اور مجھے تقویٰ کی سعادت نصیب فرما اور آخر میں یہ درخواست کہ اے اللہ مجھے اپنی نافرمانی کی وجہ سے شقی اور بدبخت نہ فرما۔

**فائدہ ۱۲۵** دُعائے مذکورہ میں انسان کو اپنی بے بسی، عاجزی، دشواری اور مشکل کا واسطہ دے کر دنیا اور



http://mujahid.xtgem.com

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ ○

کی درخواست کرتا ہوں۔ یا اللہ مجھ سے درگزر کر۔ تو تو بڑا معاف کرنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔

۱۲۶ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ

یا اللہ میرے دل کو نفاق سے پاک کردے اور میرے عمل کو ریا سے،

وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ

اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے تجھ پر تو روشن ہیں

خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۱۲۷ اَللّٰهُمَّ

آنکھوں کی چوریاں بھی، اور جو کچھ دل چھپائے رکھتے ہیں وہ بھی۔ یا اللہ

ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ

مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب کر جو دل کو تیری

بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ

خشیت کی بنا پر بہتے ہوئے آنسوؤں سے سیراب کردیں بغیر اس کے کہ

آخرت کی سہولت طلب کررہا ہے اور آخر میں اللہ کی صفت کریمی کا واسطہ دے کر معافی کی درخواست کا سبق تعلیم دیا جارہا ہے۔ اکبرالہ آبادی نے اس مفہوم کو کیا خوب صورت انداز میں بیان فرمایا ہے۔

؎ اک میرے دل کو خوش کرنے پہ کیا وہ قادر نہیں اک کن سے جس نے دونوں جہاں کو پیدا کردیا

فائدہ ۱۲۶ اس دُعا کو بار بار پڑھئے کہ جس میں دل کا نفاق، ریا، جھوٹ اور آنکھ کی خیانت اور



http://mujahid.xtgem.com

الدُّمُوْعُ دَمًا وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا ۱۲۸ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ

آنسو خون ہو جائیں اور کچلیاں انگارے بن جائیں۔ یا اللہ مجھے امن چین دے

فِیْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ

اپنی قدرت سے اور مجھے اپنی رحمت میں داخل کر دے اور میری عمر اپنی اطاعت میں

طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرِ عَمَلِیْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ

گذار دے اور میرا خاتمہ میرے بہترین عمل پر کر اور اس کی جزا

الْجَنَّةَ ۱۲۹ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ

جنت دے۔ یا اللہ فکر کے دور کرنے والے غم کے زائل کرنے والے، بے قراروں

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَهَا اَنْتَ

کی دعا کے قبول کرنے والے، دنیا کے رحمٰن اور رحیم، مجھ پر تو

تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِیْنِیْ بِهَا عَنْ

ہی رحم کرے گا، تو میرے اوپر ایسی رحمت کر کہ تو اس کی بنا پر مجھے اپنے سوا

**فائدہ ۱۲۹** دُعاءِ مذکورہ میں فکر و غصہ اور بے قراری کے ازالہ کی دُعا سکھائی جا رہی ہے اور آخر میں رحمٰن و رحیم کی صفت کا واسطہ دے کر یہ درخواست کی جا رہی ہے کہ اے اللہ! میں آپ کی ایسی رحمت کا طالب ہوں جو مجھے ہر ایک سے تیرے سوا مستغنی کر دے۔ دل میں چھپے ہوئے گناہوں کی تطہیر اور صفائی کی درخواست کی جا رہی ہے



http://mujahid.xtgem.com

رَّحْمَةٍ مِّنْ سِوَاكَ ۞ ۱۳۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ

ہر ایک کی رحمت سے مستغنی کر دے۔ یا اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں

فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ ۝

بھلائی غیر متوقع اور تیری پناہ ناگہانی برائی سے

۱۳۱ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ

یا اللہ تیرا ہی نام سلام ہے اور تجھی سے سلامتی کی ابتداء ہے اور تیری ہی طرف ہر سلامتی

السَّلَامُ اَسْأَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ

لوٹتی ہے۔ اے صاحب عزت وجلال میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ تو ہمارے حق میں

لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ

ہماری دعا قبول کرلے اور تو ہماری خواہشیں پوری کر دے اور تو نے اپنی مخلوق میں سے جن کو

اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ ۞ ۱۳۲ اَللّٰهُمَّ خِرْ لِيْ

جس سے غنی کر دیا ہے، ان سے ہم کو بھی غنی کر دے۔ یا اللہ تو ہی میرے لئے (چیزوں کو) چھانٹ لے

**فائدہ ۱۳۱** دُعائے مذکورہ میں اللہ کی صفت ذوالجلالِ والاکرام کا واسطہ دے کر درخواست کی جارہی ہے اے اللہ! ہماری دُعا کو قبول کر لے اور ہمارے مقاصد ہمیں عطا فرما دے اور ہمیں اپنی مخلوق سے مستغنی کر دے۔ **فائدہ ۱۳۲** اس دُعا کو احادیث میں مختصر استخارہ سے تعبیر کیا گیا ہے اس میں سائل بن کر یہ درخواست کی جارہی ہے کہ اے اللہ! جس میں خیر ہو میرے



http://mujahid.xtgem.com

وَاخْتَرْلِیْ ۱۳۳ اَللّٰھُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ

اور پسند کر لے۔ یا اللہ مجھے اپنی مشیت پر راضی رکھ اور جو کچھ میرے لئے مقدر

فِیْ مَا قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ

کر دیا گیا ہے اس میں مجھے برکت دے تاکہ جو چیز تو نے دیر میں رکھی ہے اس کے لئے میں

اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ ۱۳۴ اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ

جلدی نہ چاہوں اور جو چیز تو نے جلد رکھی ہے اس میں میں دیر نہ چاہوں۔ یا اللہ عیش تو بس عیش

اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَةِ ۱۳۵ اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ

آخرت کا ہے اس کے سوا کوئی عیش نہیں۔ یا اللہ مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھ اور

اَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاکِیْنِ ○

خاکساری ہی کی حالت میں موت لا اور خاکساروں ہی میں مجھے اُٹھا

۱۳۶ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا

یا اللہ مجھے ان میں سے کر دے کہ جب کوئی نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں

لئے وہ عطا فرما اور میرے لئے جس میں خیر و بھلائی ہو وہ منتخب فرما۔ **فائدہ ۱۳۴** اس دُعا میں ایک عجیب حقیقت کو بیان کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ اس کا مفہوم ہمارے دلوں میں رچا دے۔ جس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ عیش تو صرف آخرت کا عیش ہے۔ یہ دنیا کا عیش بھی کوئی عیش ہے؟ اگر ساری دنیا کی دولت بھی کسی کو مل جائے تو کتنے دن کا عیش ہے حضرت مجذوب رحمۃ اللہ علیہ



http://mujahid.xtgem.com

وَاِذَآ اَسَآءُوا اسْتَغْفَرُوْا ۱۳۷ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ رَحْمَةً

اور جب بُرائی کرتے ہیں تو مغفرت مانگتے ہیں۔ یا اللہ میں تجھ سے تیری خاص رحمت کی

مِّنْ عِنْدِكَ تَھْدِیْ بِھَا قَلْبِیْ وَتَجْمَعُ بِھَآ اَمْرِیْ

درخواست کرتا ہوں جس سے میرے دل کو ہدایت کردے اور میرے کاموں کو جمعیت دے

وَتَلُمُّ بِھَا شَعْثِیْ وَتُصْلِحُ بِھَا دِیْنِیْ وَتَقْضِیْ

اوراس سے میری ابتری کو درست کردے، اوراس سے میرے دین کو سنوار دے، اوراس سے میرے

بِھَا دَیْنِیْ وَتَحْفَظُ بِھَا غَآئِبِیْ وَتَرْفَعُ بِھَا

قرضہ کو ادا کردے اوراس سے میری نظر سے غائب چیزوں کی نگہبانی کر اور میرے پیش نظر

شَاھِدِیْ وَتُبَیِّضُ بِھَا وَجْھِیْ وَتُزَكِّیْ بِھَا عَمَلِیْ

چیزوں کو بلندی عطا کر، اوراس سے میرا چہرہ نورانی کردے اوراس سے میرا عمل پاکیزہ کردے

وَتُلْھِمُنِیْ بِھَا رَشَدِیْ وَتَرُدُّ بِھَآ اُلْفَتِیْ

اوراس سے رشد میرے دل میں ڈال دے اوراس سے میرے حال مالوف کو لوٹا دے

نے کیا خوب کہا ہے۔

عیش دنیا کے ہیں کتنے دن کے لئے — کھو نہ جنت کے مزے ان کے لئے

یہ کیا اے دل تو بس پھر یوں سمجھ — تو نے ناداں گل دیے تنکے لئے

فائدہ ۱۳۷ یہ ایک طویل دُعا ہے جس میں رحمت خاص کی دُعا کی جارہی ہے جس کی

http://mujahid.xtgem.com

وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ کُلِّ سُوْٓءٍ ۱۳۸ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ

اور اس کے واسطہ سے مجھے ہر برائی سے بچائے رکھ۔ یا اللہ مجھے ایسا

اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَ یَقِیْنًا لَّیْسَ بَعْدَهٗ کُفْرٌ

ایمان دے جو پھر نہ پھرے اور ایسا یقین کہ اس کے بعد کفر نہ ہو،

وَّرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ کَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا

اور ایسی رحمت کہ اس کے ذریعہ سے میں دنیا اور آخرت میں تیرے ہاں کی عزت کا

وَالْاٰخِرَةِ ۱۳۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِی

شرف پالوں۔ یا اللہ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں امورِ تکوینی میں

الْقَضَآءِ وَنُزُلَ الشُّهَدَآءِ وَعَیْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ

کامیابی، اور شہیدوں کی سی مہمانی اور سعیدوں کا سا عیش اور رفاقت

الْاَنْبِیَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَی الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِیْعُ

انبیاء کی اور دشمنوں پر فتح، بے شک تو ہی دعاؤں کا

وضاحت یہ ہے کہ ایسی رحمت عطا فرما جس سے میرے دل میں ٹھنڈک پڑ جائے اور ایسی رحمت عطا فرما جس سے میری پریشانیاں دور ہو جائیں۔ اور آخر میں ایسی رحمت عطا فرما جو مجھے ہر برائی سے بچالے **فائدہ ۱۳۸** اس دعا میں یہ تعلیم دی جا رہی ہے اے اللہ ایمان کی دولت عطا فرمانے کا بعد ہمیں پھر مرتد نہ فرمانا۔



http://mujahid.xtgem.com

الدُّعَآءِ ❀۱۴۰ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ

سننے والا ہے۔ یا اللہ جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ اس تک پہنچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو اور میرا

عَنْهُ عَمَلِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ

عمل وہاں تک نہ ساتھ دے سکا ہو اور اس تک میری آرزو اور میرے سوال کی

خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ

رسائی نہ ہو، اور تو نے اس بھلائی کا وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہو یا جو ایسی بھلائی

مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّيْٓ اَرْغَبُ اِلَيْكَ

ہو کہ تو اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی وہ دینے والا ہو تو میں تجھ سے اس کی خواہش

فِيْهِ وَاَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ❀۱۴۱ اَللّٰهُمَّ

اور تجھ سے تیری رحمت کے واسطہ سے طلب کرتا ہوں اے عالموں کے پروردگار۔ یا اللہ

اِنِّيْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِيْ وَاِنْ قَصُرَ رَأْيِيْ وَضَعُفَ

میں اپنی خواہش تیرے ہی حوالہ کرتا ہوں گو میری سمجھ کوتاہی کرے اور میرا عمل

**فائدہ ۱۴۱** دُعائے مذکورہ میں ایک عاجز انسان اپنی نا سمجھی کا واسطہ دے کر یہ درخواست کر رہا ہے کہ میری تمام تمنائیں اور خواہشیں تیرے سپرد ہیں۔ میرے عمل میں کمی ہے تیری رحمت کا محتاج ہوں۔ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں جس طرح تو نے سمندروں میں فاصلہ رکھا ہے اسی طرح مجھے بھی دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے فتنے سے دور رکھنا۔



http://mujahid.xtgem.com

عَمَلِی افْتَقَرْتُ اِلٰی رَحْمَتِكَ فَاَسْأَلُكَ یَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ

ضعیف رہے، میں محتاج ہوں تیری رحمت کا تو اے سب کاموں کے پورا کرنے والے

وَیَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِیْرُ بَیْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ

اور اے دلوں کو شفا دینے والے میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح تو نے سمندروں کے

تُجِیْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ

درمیان فاصلہ رکھا ہے، اسی طرح مجھے بھی دوزخ کے عذاب سے اور جزع فزع سے

الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۴۲﴾ اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ

اور فتنۂ قبور سے ایسے ہی فاصلہ پر رکھیو۔ یا اللہ مضبوط

الشَّدِیْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِیْدِ اَسْأَلُكَ الْاَمْنَ یَوْمَ

ڈوروالے اور درست حکم والے میں تجھ سے حشر میں امن کی طلب

الْوَعِیْدِ وَالْجَنَّةَ یَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ

کرتا ہوں اور آخرت میں جنت کی، ان لوگوں کے ساتھ جو مقرب ہیں

**فائدہ ۱۴۲** دعائے مذکورہ میں حشر کے دن امن کا سوال سکھایا جا رہا ہے اور مقربین کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کی جنت کا سوال کیا جا رہا ہے اور آخر میں یہ درخواست کی گئی کہ اے اللہ تو بڑا مہربان اور شفیق ہے تو جو چاہے کر سکتا ہے۔ ہماری درخواست کو قبول فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ

حاضر باش ہیں بڑے رکوع، سجدہ کرنے والے ہیں اور اقراروں کو پورا کرنے والے ہیں۔

اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ وَّاِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ ○

بے شک تو بڑا مہربان ہے بڑا شفیق ہے، اور تو جو چاہے کرسکتا ہے۔

۱۴۳ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ وَلَا

یا اللہ ہمیں بنادے راہنما راہ یاب (نہ کہ بے راہ اور بھٹکانیوالے)

مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ

اور اپنے دوستوں کا دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن

نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ

ہم اسی کو دوست رکھیں جو تجھے دوست رکھتا ہو اور دشمن رکھیں اسے جو تیرا

خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ ۱۴۴ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَآءُ

نافرمان ہو تیری مخلوق میں سے یا اللہ دعا ہے

**فائدہ ۱۴۴** یہ دُعائے مذکورہ ہر دُعا کے آخر میں مانگنی چاہیئے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یا اللہ اس عاجز نے درخواست پیش کردی ہے قبول کرنا تیرا کام ہے اور بھروسہ بھی تیرے ہی اوپر ہے اور اے اللہ اس عاجز کو اس کے نفس کے حوالے ایک پلک بھر کے لئے بھی نہ کر اور اے اللہ جو تو نے مجھے اپنی نعمتیں عطا فرمائی ہیں وہ مجھ سے واپس نہ لے۔



http://mujahid.xtgem.com

وَعَلَيْكَ الْإِجَابَةُ وَهٰذَا الْجَهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ

اور قبول کرنا تیرا کام ہے، اور کوشش یہ ہے اور بھروسہ تیرے ہی اوپر ہے

اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا

یا اللہ مجھے میرے نفس کے حوالہ ایک پلک بھر کے لئے بھی نہ کر اور

تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ ۱۴۵ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ

جو بھی اچھی چیزیں تو نے مجھے دی ہیں، وہ مجھ سے واپس نہ لے۔ یا اللہ تو ایسا

لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ يَّبِيْدُ ذِكْرُهٗ

خدا تو نہیں ہے جسے ہم نے گڑھ لیا ہو اور نہ ایسا پروردگار جس کا ذکر ناپائیدار ہے کہ ہم نے

ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَآءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ

اسے اختراع کرلیا ہو، اور نہ تیرے اور ساتھی ہیں جو حکم میں تیرے شریک ہیں، اور نہ تجھ سے

لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَّلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَآ

پہلے ہی ہمارا کوئی خدا تھا جس سے ہم پناہ حاصل کرتے رہے ہوں اور تجھ کو چھوڑ دیتے ہوں اور

**فائدہ ۱۴۵** اس دعا میں درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ ہمارا کوئی اور خدا نہیں اور نہ آپ کا کوئی اور شریک ہے اے اللہ ہمارا آخری سہارا صرف آپ کی ذات ہے آپ ہی سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ ہماری مغفرت اور بخشش فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَآ اَحَدٌ فَنُشْرِكُهٗ فِيْكَ

نہ کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں تیری مدد کی ہے کہ ہم اس کو تیرے ساتھ شریک سمجھیں

تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

توبابرکت ہے اور تو برتر ہے پس ہم تجھ سے اے وہ کہ سوا تیرے کوئی معبود نہیں درخواست کرتے ہیں کہ تو

اغْفِرْ لِيْ ❀ ۱۴۶ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفّٰهَا

ہمیں بخش دے۔ یا اللہ تو ہی نے میری جان کو پیدا کیا ہے اور تو ہی اسے موت

لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا

دے گا تیرے ہی ہاتھ میں اس کا مرنا اور اس کا جینا ہے۔ تو اگر اسے زندہ رکھتا ہے تو اس کی ایسی

بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ

حفاظت کر جیسی کہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اور اگر تو اسے موت دیتا ہے تو اسے

لَهَا وَارْحَمْهَا ❀ ۱۴۷ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ

بخش دینا اور اس پر رحم کرنا۔ یا اللہ مجھے مدد دے علم دے کر اور مجھے آراستہ کر وقار دے کر

**فائدہ ۱۴۶** اس دُعا میں اللہ سے یہ درخواست کی جارہی ہے آپ ہمارے خالق ہیں اور آپ کے ہاتھ میں ہماری زندگی اور موت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ ہماری زندگی میں ایسی حفاظت فرما جیسی تو نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اور موت دے تو اے اللہ بخشش اور رحم کا معاملہ فرما۔ **فائدہ ۱۴۷** اس دُعا میں علم، وقار، تقویٰ اور امن وچین کو خوبصورت انداز میں



http://mujahid.xtgem.com

وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ ۱۴۸ اَللّٰهُمَّ لَا

اور مجھے بزرگی دے تقوی دے کر، اور مجھے جمال دے امن چین دے کر۔ یا اللہ

يُدْرِكُنِيْ زَمَانٌ وَّلَا يُدْرِكُوْا زَمَانًا لَّا يُتَّبَعُ فِيْهِ

مجھے وہ زمانہ نہ پائے، اور نہ یہ لوگ اس زمانہ کو پائیں جس میں نہ پیروی کی جائے

الْعَلِيْمُ وَلَا يُسْتَحْيٰى فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ

صاحب علم کی اور نہ صاحب حلم کا لحاظ کیا جائے اور ان کے دل عجمیوں کے

الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ ۱۴۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

سے ہو جائیں اور ان کی زبانیں اہل عرب کی سی رہ جائیں۔ یا اللہ میں

اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا

تجھ سے وعدہ لیتا ہوں جسے تو ہرگز نہ توڑیو، کہ میں بھی آخر

بَشَرٌ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْ شَتَمْتُهٗ اَوْ

بشر ہوں جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں، یا اسے برا بھلا کہوں یا

طلب کر کے دونوں جہاں کی نعمتوں کا سوال سکھلا دیا۔ **فائدہ ۱۴۹** اس دُعا میں رسول معصوم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے امتیوں کو عظیم سبق سکھا دیا ہے کہ جس کا خلاصہ یہ ہے اے اللہ میں بشر ہوں اگر میں کسی کو تکلیف دوں برا بھلا کہوں یا بددُعا دوں تو اے اللہ! تو اس بددُعا کو اس کے حق میں رحمت بنا دے۔ اللہ اکبر کیسی پاکیزہ تعلیم دی جا رہی ہے کہ جس میں بددُعا کو بھی رحمت کی دُعا بنا دیا گیا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

جَلَدْتُّهٗ اَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّ زَكٰوةً

اسے ماروں پیٹوں یا اسے بدعادوں تو اس سب کو تو اس کے حق میں رحمت اور پاکیزگی بنا دیجیو

وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَآ اِلَيْكَ ﴿۱۵۰﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

اور قربت کا ذریعہ، جس سے تو اس کو مقرب بنالے۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنَ الْبَرَصِ وَمِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ

برص سے اور ضد اضدی سے اور نفاق سے اور برے

الْاَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ

اخلاق سے اور ہر اس چیز کی برائی سے جو تیرے علم میں ہے۔ میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں

اَهْلِ النَّارِ وَمِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ

اہل دوزخ کے حال سے اور خود دوزخ سے اور ہر اس چیز سے جو اس سے قریب کرے

قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّمِنْ شَرِّ مَآ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهٖ

خواہ وہ قول ہو یا عمل اور ہر اس چیز کی برائی سے جو تیرے قبضہ میں ہے۔

**فائدہ ۱۵۰** اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں نفاق سے، برے اخلاق سے، اور ہر اس چیز کی برائی سے جس کو آپ جانتے ہیں اے اللہ میرے اعمال و اخلاق کی اصلاح فرما دے تاکہ ان کی وجہ سے میں جہنم کے قرب سے بچ جاؤں اور اس میں آج کے دن اور بعد والے دن کی شرارتوں سے پناہ طلب کرنے کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ ساتھ ہی یہ درخواست کی جا رہی ہے کہ



http://mujahid.xtgem.com

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اس برائی سے جو آج کے دن میں ہے اور ہر اس برائی سے

مَا بَعْدَهٗ وَمِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ

جو اس کے بعد ہے اور اپنے نفس کی برائی سے اور شیطان کی برائی سے

وَشِرْكِهٖ وَاَنْ نَّقْتَرِفَ عَلٰۤى اَنْفُسِنَا سُوْٓءًا اَوْ

اور اسکے شرک سے اور اس سے کہ ہم کسی شر کو اپنے اوپر لگائیں یا اسے

نَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ اَوْ اَكْتَسِبَ خَطِيْٓئَةً اَوْ ذَنْبًا

کسی مسلمان تک پہنچائیں یا میں کوئی ایسی خطا یا گناہ کروں

لَّا تَغْفِرُهٗ وَمِنْ ضِيْقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۝

جسے تو نہ بخشے اور قیامت کے دن تنگی سے۔

اے اللہ مجھے اس گناہ سے بچا جس کی بنا پر میری مغفرت نہ ہو سکے اور قیامت کے دن کی سختیوں اور تکالیف سے بچا۔ خلاصہ یہ ہے کہ اے اللہ آپ نے جنت بھی بھرنی ہے بلا حساب تو ہمیں جنت میں عطا فرما حضرت مجذوبؒ نے خوب کہا ہے۔

کروڑوں کو تو کرے گا جنتی ایک یہ نا اہل بھی ان میں سہی



http://mujahid.xtgem.com

کی محمد ﷺ سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں



گنبدِ خضرا کا پُر کیف نظارہ

نوٹ: ہر منزل کے شروع اور آخر میں درود پاک پڑھیں
یہ قبولیت دعا کا ذریعہ ہے۔ (صفحہ نمبر ۶۴ پر ملاحظہ فرمائیں)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com



پانچویں منزل
بروز بدھ



# خطبہ مناجاتِ مقبول

ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے
خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۝ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۝ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جا سکتی ہے اور ان سب سے

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۝ مِنْ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

الرَّسُوْلِ ۝ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۝

ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں ۔ اے اللہ آپ پر رحمت کاملہ نازل فرما جب تک کہ مغرب اور مشرق

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۝ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

سَنَقُوْلُ ۝ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۝

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

## پانچویں منزل بروزِ بدھ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱۵۱ اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ۱۵۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

یا اللہ میری شرمگاہ کو محفوظ کردے اور مجھ پر میرے کام آسان کردے۔ یا اللہ میں

اَسْأَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ

تجھ سے مانگتا ہوں وضو کا کمال اور نماز کا کمال اور تیری

رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ ۱۵۳ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ

خوشنودی کا کمال اور تیری مغفرت کا کمال۔ یا اللہ میرا نامہ اعمال

كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ ۱۵۴ اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ

میرے داہنے ہاتھ میں دیجیو۔ یا اللہ مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لے

**فائدہ ۱۵۱** دُعائے مذکورہ میں عجیب تعلیم دی گئی کہ اگر کوئی انسان کسی حرام کاری میں مبتلا ہو اور اس گناہ سے بچ جانے کی آرزو دل میں ہو تو اس دُعا کا صدقِ دل سے مانگنا اس گناہ سے بچاؤ کی صورت پیدا کردے گا۔ **فائدہ ۱۵۲** دُعائے مذکورہ میں وضو نماز اور اللہ کی رضا اور بخشش کا کمال طلب کر کے یہ سبق دیا جارہا ہے کہ مومن کا کام عبادات میں کوشش کر کے مرتبہ کمال تک پہنچنا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

وَجَنِّبْنِي عَذَابَكَ ۝١٥٥ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ

اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھنا۔ یااللہ میرے قدم ثابت رکھنا جس دن کہ

تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ ۝١٥٦ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِيْنَ ٥

قدم ڈگمگانے لگیں گے۔ یااللہ ہمیں فلاح یاب بنائیو۔

۝١٥٧ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا

یااللہ اپنے ذکر سے ہمارے دلوں کے قفل کھول دے اور ہم پر اپنی

نِعْمَتَكَ وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَاجْعَلْنَا

نعمت کو پورا کر، اور ہم پر اپنے فضل کو پورا کر، اور ہمیں

مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝١٥٨ اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ اَفْضَلَ

اپنے نیک بندوں میں سے کرلے۔ یااللہ مجھے وہ سب سے بڑھ

مَا تُؤْتِيْ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝١٥٩ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا

کردے جو تو اپنے نیک بندوں کو دیتا ہے۔ یااللہ مجھے مسلمان ہی زندہ رکھ

**فائدہ ۱۵۶** دُعائے مذکورہ آدھی لائن سے بھی مختصر ہے لیکن ایک وسیع ترین مفہوم ہے اس کا یعنی اللہ سے دنیا آخرت ہر چھوٹی بڑی پریشانی سے نجات اور دونوں جہاں کی نعمتوں کے حصول کا اس میں سبق ہے۔

**فائدہ ۱۵۸** دُعائے مذکورہ میں اللہ تعالیٰ سے ان نعمتوں کا سوال کیا گیا ہے جو اللہ اپنے نیک بندوں کو دیتا ہے جس میں درخواست یہ کر رہا ہے کہ مجھے ان سب سے بڑھ کر نعمتیں عطا فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

وَّاَمِتْنِیْ مُسْلِمًا ۱۶۰ اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْکَفَرَۃَ وَاَلْقِ فِیْ

اور مسلمان ہی مار۔ یا اللہ کافروں کو عذاب دے اور ان کے

قُلُوْبِھِمُ الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَاَنْزِلْ

دلوں میں ہیبت بٹھا دے اور ان کی بات میں اختلاف پیدا کر دے، اور ان پر

عَلَیْھِمْ رِجْزَکَ وَعَذَابَکَ ○ اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْکَفَرَۃَ اَھْلَ

اپنا قہر و عذاب نازل کر یا اللہ کافروں کو عذاب دے، چاہے وہ اہل

الْکِتٰبِ وَالْمُشْرِکِیْنَ الَّذِیْنَ یَجْحَدُوْنَ اٰیَاتِکَ وَیُکَذِّبُوْنَ

کتاب ہوں یا مشرک بہر حال جو بھی تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور تیرے رسولوں کی

رُسُلَکَ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ وَیَتَعَدَّوْنَ

تکذیب کرتے ہیں اور تیری راہ سے دوسروں کو روکتے ہیں اور تیری مقرر کی ہوئی حدوں

حُدُوْدَکَ وَیَدْعُوْنَ مَعَکَ اِلٰھًا اٰخَرَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

سے تجاوز کرتے ہیں اور تیرے ساتھ کسی اور معبود کو بھی پکارتے ہیں حالانکہ کوئی بھی معبود نہیں ہے سوا تیرے

اس میں سبق بھی دیا جا رہا ہے کہ اللہ سے انسان ہمیشہ بڑے سے بڑے انعام کی تمنا کرتا ہے۔ اور جب مانگے تو پورے یقین کے ساتھ دعا مانگے۔



http://mujahid.xtgem.com

تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُولُ الظّٰلِمُونَ عُلُوًّا كَبِيرًا

بابرکت ہے تو اور ہر طرح نہایت درجہ برتر ہے تو اس سے کہ جو یہ ظالم کہتے ہیں۔

۱۶۱ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

یا اللہ تو مجھے بخش دے اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کو

وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ

اور تمام اسلام والوں اور اسلام والیوں کو اور انہیں سنوار دے اور ان کی صلح کر دے

بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَاجْعَلْ فِي قُلُوبِهِمُ الْاِيْمَانَ

آپس میں اور ان کے دلوں میں اُلفت دے اور ان کے دلوں میں ایمان

وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُولِكَ وَاَوْزِعْهُمْ

اور حکمت رکھ دے اور انہیں اپنے رسول کے دین پر ثابت قدم رکھ اور انہیں توفیق دے

اَنْ يَّشْكُرُوا نِعْمَتَكَ الَّتِي اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ

کہ جو نعمت تو نے انہیں نصیب کی ہے اس کا وہ شکر کرتے رہیں اور

**فائدہ ۱۶۱** دُعائے مذکورہ میں یہ تعلیم دی جا رہی ہے کہ مغفرت و بخشش کی دُعا جب اپنے لئے طلب کرے تو تمام ایمان والوں مردوں اور عورتوں کے لئے بھی مانگتا رہے اور ساتھ ہی یہ سبق بھی سکھایا جا رہا ہے کہ مسلمانوں کی آپس میں مصالحت اور دلوں میں الفت اور حکمت اور ایمان بھی طلب کرتا رہے۔ حدیث میں ایک مضمون یہ آیا ہے کہ جو بندہ صبح و شام تمام مسلمانوں کی



http://mujahid.xtgem.com

يُوفُوا بِعَهْدِكَ الَّذِي عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ

جو وعدہ تو نے ان سے لیا ہے اسے وہ پورا کرتے رہیں اور انہیں اپنے اور

عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ

ان کے دشمنوں پر غالب رکھ۔ اے معبود برحق تو پاک ہے کوئی معبود سوا تیرے

غَيْرُكَ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ اِنَّكَ

نہیں ہے۔ میرے گناہ بخش دے اور میرے عمل درست کر دے بے شک

تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

تو ہی گناہ بخش دیتا ہے جس کے چاہتا ہے اور تو ہی مغفرت کرنے والا ہے رحم کرنے والا ہے۔

يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ اِرْحَمْنِيْ

اے بخشنے والے مجھے بخشدے۔ اے توبہ قبول کرنیوالے میری توبہ قبول کر، اے رحم کرنیوالے مجھ پر رحم کر،

يَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّيْ يَا رَءُوْفُ اُرْءُفْ بِيْ يَا رَبِّ

اے معاف کرنے والے مجھے معاف کر، اے مہربان مجھ پر مہربانی کر، اے پروردگار

مغفرت و بخشش کی دُعا کرتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائیں گے اور مرحومین کی تعداد کے برابر نیکیاں بھی لکھ دی جائیں گی۔ اور ساتھ ہی اس دعا میں یہ تعلیم دی جا رہی ہے جو ہر وقت انسان کے پیش نظر رہے کہ یا اللہ ہمارے اعمال کو درست فرما دے تا کہ اس درستگی پر عمل کر کے اپنی مغفرت اور بخشش حاصل کر سکیں۔



http://mujahid.xtgem.com

أَوْزِعْنِيْٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ

مجھے توفیق دے کہ تونے جو نعمت مجھے دی ہے اس کا شکر ادا کروں اور

طَوِّقْنِيْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ يَا رَبِّ أَسْأَلُكَ مِنَ

مجھے طاقت دے کہ تیری عبادت اچھی طرح کروں۔ اے پروردگار میں تجھ سے مانگتا ہوں

الْخَيْرِ كُلِّهٖ يَا رَبِّ افْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ

بھلائی سب کی سب، اے پروردگار میرا آغاز خیر کے ساتھ کر اور میرا خاتمہ خیر کے ساتھ کر،

وَقِنِي السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط

اور مجھے برائیوں سے بچالے اور جسے تونے برائیوں سے اس دن بچالیا بے شک تونے اس پر رحم ہی کیا،

وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۱۶۲ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ

اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ یا اللہ! تیرے لئے تعریف ہے ساری اور تیرے ہی لئے

الشُّكْرُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ بِيَدِكَ

شکر ہے سارا اور تیرے لئے ہے حکومت ساری اور تیرے لئے مخلوق ہے ساری، تیرے ہاتھ

**فائدہ ۱۶۲** مذکورہ دعا میں خدا کی توحید کے اقرار کا واسطہ دے کر اللہ تعالیٰ کے حضور ایک درخواست کی جارہی ہے کہ اے اللہ! میرے غم، فکر اور پریشانیوں کو دور فرما۔ ساتھ ہی اعتراف بھی کیا جارہا ہے کہ اے اللہ میں گناہ گار ہوں تیری حمد وثناء کے ساتھ چل رہا ہوں۔

(اے اللہ مجھے گناہوں سے بچالے اور جس کو تونے گناہوں سے بچالیا اس نے تیرا رحم پالیا)



http://mujahid.xtgem.com

اَلْخَيْرُ كُلُّهٗ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ اَسْأَلُكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَ

میں بھلائی ہے ساری اور تیری ہی طرف امور رجوع ہوتے ہیں تمام میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی ساری

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ ۱۶۳ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ

اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں تمام برائیوں سے۔شروع اللہ کے نام سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحُزْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ

یا اللہ مجھ سے فکر اور غم دور فرمادے یا اللہ میں تیری حمد کے ساتھ

اِنْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِيْ اِعْتَرَفْتُ ۱۶۴ اَللّٰهُمَّ اِلٰهِيْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ

چلتا پھرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔یا اللہ میرے معبود، اور معبود ابراہیم

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَاِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ

اور اسحٰق اور یعقوب کے، اور معبود جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے

اَسْأَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِيْ فَاِنِّيْ مُضْطَرٌّ

میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری عرض قبول کرلے کہ میں بے قرار ہوں۔

**فائدہ ۱۶۴** دُعائے مذکورہ میں ملائکہ مقربین اور انبیاء علیہم السلام کا واسطہ دے کر التجاء کی جارہی ہے کہ میری دُعا کو قبول فرما۔اپنی بے کسی اور بے بسی کا واسطہ دے کر درخواست کی جارہی ہے کہ اے اللہ! میں بلا میں پڑا ہوں گناہ گار ہوں میرے سارے مسائل حل فرما۔انسان ساتھ اس کا بھی اقرار کرتا رہے کہ یا اللہ میں بڑا گنہگار ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔



http://mujahid.xtgem.com

وَّتَعْصِمَنِیْ فِیْ دِیْنِیْ فَاِنِّیْ مُبْتَلًی وَّتَنَالَنِیْ بِرَحْمَتِكَ

اور مجھے میرے دین میں محفوظ رکھ کہ میں بلا میں پڑا ہوا ہوں۔ اور اپنی رحمت میرے شامل حال رکھنا

فَاِنِّیْ مُذْنِبٌ وَّتَنْفِیَ عَنِّیَ الْفَقْرَ فَاِنِّیْ مُتَمَسْكِنٌ ○

کہ میں گنہگار ہوں، اور مجھ سے محتاجی دور رکھنا، کہ میں بے کس ہوں۔

۱۶۵ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ فَاِنَّ

یا اللہ میں تجھ سے ہر اس حق سے مانگتا ہوں جو سائلوں کا تجھ پر ہے۔ کیونکہ بے شک

لِلسَّآئِلِ عَلَیْكَ حَقًّا اَیُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَھْلِ

سائلوں کا تجھ پر حق ہے کہ خشکی اور تری کے جس کسی بھی غلام یا باندی نے تجھ سے کوئی

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَھُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَھُمْ

دعائیں مانگی ہوں اور تو نے انکی دعائیں قبول کی ہوں،

اَنْ تُشْرِكَنَا فِیْ صَالِحِ مَا یَدْعُوْنَكَ فِیْهِ وَاَنْ

تو ہمیں ان اچھی دعاؤں میں شریک کر دے جو وہ تجھ سے مانگیں اور تو ہمیں

**فائدہ ۱۶۵** دُعاء مذکورہ میں عجیب انداز سے دُعاء سکھلائی جا رہی ہے جس میں خصوصیت سے یہ ذکر ہے کہ اے اللہ! تو اپنے تمام مقبول اور مستجاب الدعوات بندوں کی دُعاؤں میں ہمیں شامل فرما اور عافیت وقبولیت کے ساتھ ہمارے گناہوں سے درگزر فرما۔ اور اس بندے کا تعلق خشکی سے ہو یا تری سے جہاں جہاں بھی تیرے مقبول بندے دعائیں طلب کر رہے ہوں ہمیں ان میں شامل فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

تُشْرِكُهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ وَاَنْ

ان اچھی دعاؤں میں شریک کردے جو ہم تجھ سے مانگیں اور یہ کہ

تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ وَاَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ

تو ہمیں اور انہیں چین دے، اور تو ہماری اور ان کی دعائیں قبول کر اور یہ کہ تو ہم سے

عَنَّا وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَا اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ

اور ان سے درگذر کر۔ بے شک ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے اُتارا ہے اور ہم نے رسول کی پیروی کی

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۱۶۶ اَللّٰهُمَّ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ

پس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ۔ یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام وسیلہ عنایت کر

وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ

اور آپ ﷺ کی محبوبیت برگزیدہ لوگوں میں کردے اور آپ ﷺ کا مرتبہ عالی لوگوں میں

وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ ۱۶۷ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ

اور آپ کا ذکر اہل تقرب میں۔ یا اللہ مجھے اپنے ہاں سے ہدایت

**فائدہ ۱۶۶** دُعاء مذکورہ میں نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس کے لیے اس مقام وسیلہ کی درخواست کی گئی ہے جس کا نبی کریم ﷺ کے لیے وعدہ کیا گیا ہے یہی وہ اعلیٰ مقام ہے جس مرتبہ پر فائز ہوکر آپ کو اپنی امت کی شفاعت کا اذن حاصل ہوگا کس قدر رحمت ہے ہمیں محض اس کے طلب کرنے پر شفاعت بھی مل رہی ہے جو جنت میں داخلہ کا ذریعہ بنے گی۔



http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَيَّ مِنْ

نصیب کر، اور مجھے اپنے فضل و کرم سے مستفید کر، اور مجھ پر اپنی

رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ۱۶۸ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي

رحمت کامل کر، اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل کر۔ یا اللہ مجھے بخش دے

وَارْحَمْنِي وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

اور مجھ پر رحم کر، اور میری توبہ قبول کر، تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا رحم والا ہے۔

۱۶۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى وَاَعْمَالَ

یا اللہ میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں اہل ہدایت کی سی اور عمل

اَهْلِ الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ

اہل یقین کے سے اور اخلاص اہل توبہ کا سا اور ہمت

اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ

اہل صبر کی سی اور کوشش اہل خوف کی سی اور طلب اہل

**فائدہ ۱۶۹** دُعاء مذکورہ میں ہدایت کی دُعاء مانگی جارہی ہے اور موت تک پیارے انداز میں استقامت کی دُعا طلب کی جارہی ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اے اللہ تو مجھے اہل ہدایت جیسی توفیق، اہل یقین جیسا عمل، اہل توبہ جیسا اخلاص، اہل صبر جیسی ہمت عطا فرما۔ اس دعا کا تعلق اپنے منزل کو پالے گا اور ان شاء اللہ محروم اور مردود نہ ہوگا۔



http://mujahid.xtgem.com

الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ

شوق کی سی اور عبادت اہل تقویٰ کی سی اور معرفت اہل علم کی سی

حَتّٰی اَلْقَاكَ ﴿١٧٠﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مَخَافَةً

یہاں تک کہ میں تجھ سے مل جاؤں۔ یا اللہ میں تجھ سے وہ خوف مانگتا ہوں

تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ

جو مجھے تیری نافرمانیوں سے روک دے۔ تاکہ میں تیری اطاعت کے ایسے

عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ

عمل کروں کہ تیری خوشنودی کا مستحق ہو جاؤں اور تاکہ میں تجھ سے ڈر کر تیرے سامنے

خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَآءً

خالص توبہ کروں۔ اور تاکہ تجھ سے شرما کر تیرے روبرو خلوص کو صاف

مِّنْكَ وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

کروں اور تاکہ تجھ پر بھروسہ کروں کل کاموں میں

**فائدہ ۱۷۰** اس دُعا میں اللہ جل شانہ سے اس درجہ کے خوف کا سوال ہے کہ جس سے انسان اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں سے بچ جائے اور نیکیوں کو حاصل کرے اور پھر یہ التجاء کرے کہ اے اللہ میں کسی حق یا وصیت کی طرف سے غفلت میں مبتلا نہ ہو جاؤں اور اے اللہ! اچانک ہلاک نہ کرنا اور نہ ہی اچانک کسی مصیبت میں گرفتار کرنا۔ اور ایسا خوف عطا فرما جو گناہوں سے بچنے کا ذریعہ ہو۔



http://mujahid.xtgem.com

وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا

تجھ سے نیک گمان طلب کرتا ہوں۔ پاک ہے تو اے نور کے پیدا کرنیوالے۔ یا اللہ ہم کو ہلاک نہ کرنا

فُجَاءَةً وَّلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ

ناگہاں اور نہ ہم کو اچانک پکڑنا اور نہ ہمیں کسی حق و وصیت کی طرف

وَّلَا وَصِيَّةٍ ۱۷۱ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ ۝

سے غفلت میں رکھنا۔ یا اللہ میری قبر میں وحشت کی جگہ انس پیدا کر دینا

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّنُوْرًا

یا اللہ مجھ پر قرآن عظیم کے طفیل میں رحم کرنا اور اسے میرے حق میں رہبری اور نور

وَّهُدًى وَّرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ

اور ہدایت اور رحمت بنا دینا۔ یا اللہ مجھے یاد کرا دے اس میں سے جو کچھ بھول گیا ہوں اور مجھے سکھا

مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ اللَّيْلِ

دے اس میں سے جو کچھ نہ جانتا ہوں، اور مجھے اس کی تلاوت نصیب کر دن اور رات کے

**فائدہ ۱۷۱** اس دُعاء میں قبر کی وحشت، تاریکی اور تنہائی کی جگہ انس و محبت کی درخواست کی جارہی ہے اور پھر قرآن عظیم کے وسیلہ سے رحم و کرم طلب کیا جارہا ہے یہی دُعا ختم قرآن کریم کے موقع پر ہر قرآن کریم کے آخر میں لکھی ہوئی ہے۔ اے اللہ ہم سب کو عذاب قبر سے محفوظ فرما۔ اور قرآن کریم کی صبح و شام تلاوت کی توفیق عطا فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

وَاٰنَآءَ النَّھَارِ وَاجْعَلْہُ لِیْ حُجَّۃً یَّارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اوقات میں اور اسے میرے لئے حجت بنادے، اے پروردگار عالم۔

۱۷۲ اَللّٰھُمَّ اَنَا عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ

یا اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور بیٹا ہوں تیرے بندہ کا اور بیٹا ہوں تیری بندی کا

نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ اَتَقَلَّبُ فِیْ قَبْضَتِکَ وَاُصَدِّقُ بِلِقَآئِکَ

ہمہ تن تیری ہی مٹھی میں ہوں، تیرے قبضہ میں چلتا پھرتا ہوں۔ تیرے ملنے کی تصدیق کرتا ہوں

وَاُؤْمِنُ بِوَعْدِکَ اَمَرْتَنِیْ فَعَصَیْتُ وَنَھَیْتَنِیْ فَاَتَیْتُ

اور تیرے وعدہ پر یقین رکھتا ہوں، تو نے حکم دیا، میں نے نافرمانی کی، اور تو نے روکا میں نے ارتکاب کیا،

ھٰذَا مَکَانُ الْعَآئِذِبِکَ مِنَ النَّارِ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

یہ جگہ دوزخ سے پناہ لینے کی تیرے ذریعے سے ہے کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے

سُبْحَانَکَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ

تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا تو ہمیں بخش دے بے شک کوئی نہیں بخش سکتا

**فائدہ ۱۷۲** اس دُعاء میں یہ درخواست کی جارہی ہے کہ میں کل کا کل تیرے قبضہ میں ہوں اور تیرے وعدے پر یقین رکھتا ہوں۔ اے اللہ! میں نے تیرے حکم کی نافرمانی کی جس کام سے تو نے مجھے روکا اسی کا میں نے ارتکاب کیا۔ میں اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ میں نے اپنی ہی جان پر ظلم کیا اب تیرے سوا کوئی بخشنے والا نہیں تیری رحمت کا واسطہ تو ہم کو بخش دے۔



http://mujahid.xtgem.com

الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ ۱۷۳ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَاِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی

گناہوں کو سوا تیرے۔ یا اللہ تجھی کو ہر تعریف سزاوار ہے، اور تجھی سے شکایت چاہیے

وَبِکَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

اور تجھ سے فریاد چاہیے اور تجھ ہی سے مدد۔ اور نہ کوئی بچاؤ ہے، اور نہ کوئی قوت عبادت کی

بِاللّٰہِ ۱۷۴ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ

سوائے اللہ کے۔ یا اللہ میں تیری رضا کی پناہ میں آتا ہوں تیری ناخوشی سے

وَبِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَآ اُحْصِیْ

اور تیری عفو کی پناہ میں تیرے عذاب سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں خود تجھ سے میں تیری تعریف

ثَنَآءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَآ اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا

نہیں کر سکتا ہوں تو اسی تعریف کے لائق ہے جو تو نے خود اپنی ذات کی کی ہے۔ یا اللہ ہم تیری

نَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ نَّزِلَّ اَوْ نُزِلَّ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ یُظْلَمَ

پناہ میں آتے ہیں اس سے کہ ہم ڈگ جائیں، یا ڈگائیں، یا گمراہ کریں یا ظلم کریں یا کوئی ہم پر

**فائدہ ۱۷۴** دُعاء مذکورہ میں اللہ کی رضاء کی پناہ کا سوال کیا گیا ہے اور ساتھ ہی یہ درخواست کی جارہی ہے کہ اے اللہ ہم تیری پناہ میں آتے ہیں اس لیے کہ ہم کہیں پھسل جائیں یا کسی کو پھسلا دیں کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے اے اللہ تیری ذات گرامی کے نور کی پناہ میں آتا ہوں۔ تو میری دنیا و آخرت کے کام درست فرما۔ اس دُعاء میں گَوَاقِیَۃِ الْوَلِیْدِ کا کلمہ شفقت



http://mujahid.xtgem.com

عَلَيْنَآ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَآ اَوْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَعُوْذُ بِنُوْرِ

ظلم کرے، یا جہالت کریں یا کوئی جہالت کرے یا گمراہ ہوں یا کوئی گمراہ کرے۔ تیری ذات کے نور

وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْٓ اَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ

کی پناہ میں آتا ہوں جس نے آسمانوں کو روشن کر رکھا ہے اور اس سے ظلمتیں چمک اٹھی ہیں

وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ

اور اس سے دنیا اور آخرت کے کام درست ہیں۔ پناہ اس امر سے کہ تو مجھ پر اپنا غصہ اتارے

وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا

اور تو ناخوشی نازل کرے اور حق ہے کہ تجھے منایا جائے کہ تو راضی ہو جائے اور نہ کوئی بچاؤ ہے

قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

اور نہ کوئی طاقت مگر تیری مدد سے یا اللہ میں نگہبانی چاہتا ہوں بچہ کی سی نگہبانی۔ یا اللہ میں

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ وَالْبَعِيْرِ الصَّؤُوْلِ ۝

تیری پناہ میں آتا ہوں دو اندھی برائیوں یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ سے۔

اور پیار کے عجیب معانی کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے جس کا مفہوم اس طرح ہے کہ اے اللہ! ایک شفیق ماں بچے کو ایک ایک لمحہ کے لیے دور نہیں ہونے دیتی ہر وقت اس کی نگرانی و نگہبانی میں لگی رہتی ہے۔ اسی طرح ہر بندہ حق تعالیٰ سے ایسی ہی نگہبانی کی درخواست کر رہا ہے۔

اے اللہ آپ تو ستر ماؤں سے زیادہ شفیق ہے ہمیں محروم نہ فرمائیے۔



http://mujahid.xtgem.com



چھٹی منزل
بروز جمعرات



# خطبہ مناجاتِ مقبول

ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے
خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کرکے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُکَ یَا خَیْرَ مَأْمُوْلٍ ○ وَّ اَکْرَمَ مَسْئُوْلٍ ○ عَلٰی مَا عَلَّمْتَنَا

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جاسکتی ہے اور ان سب سے

مِنَ الْمُنَاجَاۃِ الْمَقْبُوْلِ ○ مِنْ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَ صَلَوٰتِ

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

الرَّسُوْلِ ○ فَصَلِّ عَلَیْہِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ○

ہے اور رسول اللہ ﷺ کی دعائیں سکھائیں۔ اے اللہ آپ پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ مغرب اور شرق

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ○ ثُمَّ نَسْئَلُکَ بِمَا

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

سَنَقُوْلُ ○ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْکَ الْقَبُوْلُ ○

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

# چھٹی منزل بروز جمعرات

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱۷۵ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّكَ وَاِبۡرَاھِیۡمَ

یا اللہ میں درخواست کرتا ہوں بہ طفیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو تیرے نبی ہیں اور بہ طفیل ابراہیم کے

خَلِیۡلِكَ وَمُوۡسٰی نَجِیِّكَ وَعِیۡسٰی رُوۡحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَ

جو تیرے خلیل ہیں اور بہ طفیل موسیٰ کے جو تیرے کلیم ہیں اور بہ طفیل عیسیٰ کے جو روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں

بِكَلَامِ مُوۡسٰی وَاِنۡجِیۡلِ عِیۡسٰی وَزَبُوۡرِ دَاوٗدَ وَفُرۡقَانِ

اور بہ طفیل کلام موسیٰ کے اور انجیل حضرت عیسیٰ کے اور زبور حضرت داؤد کے اور فرقان

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ بِكُلِّ وَحۡیٍ اَوۡحَیۡتَهٗ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بہ طفیل ہر وحی کے جسے تو نے بھیجا ہو

**فائدہ ۱۷۵** مذکورہ دُعا کا خلاصہ یہ سمجھ میں آتا ہے کہ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ، حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، تورات، انجیل، زبور اور قرآن کریم کا واسطہ دے کر یہ درخواست کی جارہی ہے کہ اے اللہ! مجھے ایسا قرآن کریم نصیب فرما جو میرے خون، میرے کان، میری آنکھوں میں رچ بس جائے اور



http://mujahid.xtgem.com

أَوْ قَضَاءٍ قَضَيْتَهُ أَوْ سَائِلٍ أَعْطَيْتَهُ أَوْ فَقِيْرٍ

یا ہر حکم تکوینی کے جسے تو نے جاری کیا ہو اور بہ طفیل ہر سائل کے جس کو تو نے دیا ہو، اور بہ طفیل ہر محتاج

أَغْنَيْتَهُ أَوْ غَنِيٍّ أَفْقَرْتَهُ أَوْ ضَالٍّ هَدَيْتَهُ

کے جس کو تو نے غنی کیا ہو اور بہ طفیل ہر غنی کے جسے تو نے محتاج کر دیا ہو اور ہر گمراہ کے جسے تو نے ہدایت دی

وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي وَضَعْتَهُ عَلَى الْأَرْضِ

اور میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل تیرے اس نام کے جس کو تو نے زمین پر رکھا

فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ

اور وہ ٹھہر گئی، اور آسمانوں پر رکھا تو وہ قرار پکڑ گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو

فَرَسَتْ وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ

وہ جم گئے۔ اور میں درخواست کرتا ہوں تجھ سے بہ طفیل اس نام کے جس سے تیرا عرش ٹھہرا ہوا ہے

وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِي

اور یا اللہ میں درخواست کرتا ہوں تجھ سے بہ طفیل اس نام کے کہ وہ پاک ہے اور ستھرا ہے تیری

میرے جسم کو اس پر عمل کرنے والا بنا دے گویا دیکھوں تو قرآن ہی کی آنکھ سے۔ سنوں تو قرآن ہی کے کان سے۔ سوچوں تو قرآن ہی کے بارے میں یعنی ہر سطح ہر طرح سے قرآن ہی میری زندگی پر چھا جائے۔ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا ایسا ابدی معجزہ ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے ایسی قوت اور طاقت رکھی ہے کہ اگر کوئی شخص حقیقت کے ساتھ ان کے معانی پر غور کرے تو یہ بات نکھر کر



http://mujahid.xtgem.com

كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى

کتاب میں تیرے پاس سے نازل ہوا ہے اور بہ طفیل تیرے اس نام کے جسے تو نے

النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ وَ

دن پر رکھا تو وہ روشن ہو گیا اور رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہو گئی۔ اور بہ طفیل تیری عظمت اور

كِبْرِيَائِكَ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِي الْقُرْاٰنَ

تیری بڑائی کے اور بہ طفیل تیرے نور ذات کے، کہ تو نصیب کرے مجھے قرآنِ

الْعَظِيْمَ وَتُخْلِطَهٗ بِلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ

عظیم، اور اسے میرے گوشت میں، میرے خون میں، میری شنوائی میں، میری بینائی میں پیوست کر دے،

وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ

اور اس پر میرے جسم کو عامل بنا دے اپنی قدرت اور قوت سے بے شک نہ کوئی بچاؤ معصیت سے ہے،

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا

اور نہ کوئی قوت ہے مگر تیرے ذریعہ سے، یا اللہ ہمیں اپنی خفیہ گرفت سے بے فکر نہ کر، اور نہ ہمیں اپنی

سامنے آئے گی کہ یہ کسی بندے کا کلام نہیں ہے اس کلام میں کہیں دباؤ اور کہیں ضعف نظر نہیں آئے گا بارہویں پارہ میں ارشاد الٰہی ہے زمین و آسمان کو اس انداز میں حکم دیا جا رہا ہے کہ اے زمین پانی نگل جا اور اے آسمان تو برسنے سے تھم جا۔ کیا دنیا کی کوئی طاقت اس طرح حکم دے سکتی ہے۔ یہ قوت و طاقت والا کلام صرف اللہ ہی کا کلام ہو سکتا ہے۔ کسی بشر کا نہیں۔



http://mujahid.xtgem.com

ذِكْرِكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ

یاد سے غافل ہونے دے اور ہماری پردہ داری کر اور نہ کر ہمیں

الْغَافِلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ

غافلوں میں سے۔ یا اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں عافیت عاجل کی ،

وَدَفْعَ بَلَائِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَآ اِلٰى رَحْمَتِكَ يَا

اور دفع بلا کی اور دنیا سے تیری رحمت کی جانب منتقل ہونے کی۔ اے

مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ اَحَدٌ

وہ کہ کافی ہے وہ سب کے عوض۔ اور کوئی بھی کافی نہیں ہے اس کے عوض۔

يَآ اَحَدَ مَنْ لَّآ اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا

اے والی اس شخص کے جس کا کوئی والی نہیں اے سہارے اس شخص کے جس کا

سَنَدَ لَهٗ اِنْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِيْ مِمَّا

کوئی سہارا نہیں اُمیدیں منقطع ہو چکی ہیں مگر تجھ سے۔ مجھے نجات دے اس حال سے

**فائدہ ۱۷۶** دُعاء مذکورہ میں بارگاہ خداوندی میں ان الفاظ کے ساتھ التجا کی گئی ہے اے میرے خدا مجھے جلدی سے دکھ اور تکلیف سے باہر نکال مجھے چین اور سکھ نصیب فرما اور میری ساری بلائیں دفع فرما۔ اور پھر یہ الفاظ قابل رشک ہیں۔ بے کسوں اور بے سہاروں کے یکتا سہارے کہ میری ساری دنیا سے امیدیں ختم ہو چکی ہیں ایک تجھ سے امید باقی ہے درخواست کرتا ہوں کہ میں جس بلا



http://mujahid.xtgem.com

اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَآ اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِيْ

جس میں کہ میں ہوں اور جو بلا کہ نازل ہو چکی ہے اس کے مقابلہ میں میری مدد کر

بِجَاهِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ ○

صدقہ اپنی ذات پاک کا اور محمد ﷺ کے اس حق کے طفیل میں جو تجھ پر ہے۔ آمین

۱۷۷ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِيْ

یا اللہ میری نگہبانی کر اپنی اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں اور مجھے اپنی اس قوت کی

بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ

آڑ میں لے لے جس کے پاس کوئی نہیں پھٹک سکتا اور مجھ پر رحم کر اپنی قدرت سے جو مجھ پر ہے

فَلَآ اَهْلِكَ وَاَنْتَ رَجَآئِيْ فَكَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ

تا کہ میں ہلاک نہ ہوں۔ اور تو ہی میری امید گاہ ہے، کتنی ہی نعمتیں تو نے مجھے

بِهَا عَلَيَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِيْ وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ

دیں اور میرا ان کے لئے شکر کم ہی رہا اور کتنی مصیبتیں ہیں

میں پھنس چکا ہوں اس میں میری مدد فرما صدقہ آپ کی ذات پاک کا اور نبی کریم محمد ﷺ کے وسیلہ کے اس حق کے طفیل جو آپ نے اپنے اوپر وعدہ کے مطابق لازم قرار دیا ہے۔

فائدہ ۱۷۷ مذکورہ دُعا کے ترجمہ پر غور کیجئے جس میں اللہ جل شانہ سے یہ درخواست کی گئی ہے اے اللہ! میری حفاظت فرما اپنی اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں اور اپنی اس قوت سے جس



http://mujahid.xtgem.com

نِ ابْتَلَيْتَنِي بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِي فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ

جن میں تو نے مجھے مبتلا کیا اور میرا صبر ان پر کم ہی رہا۔ پس اے وہ کہ اس کی نعمت

نِعْمَتِهٖ شُكْرِي فَلَمْ يَحْرِمْنِي وَيَا مَنْ قَلَّ

کے وقت میرا شکر کم رہا پھر بھی مجھے محروم نہ کیا، اور اے وہ کہ

عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِي فَلَمْ يَخْذُلْنِي وَيَا مَنْ رَاٰنِي

اس کے ابتلاء کے وقت میرا صبر کم رہا پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا، اور اے وہ کہ

عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِي ۱۴۸ يَا ذَا الْمَعْرُوفِ

مجھے گناہوں پر دیکھا پھر بھی مجھے (رسوا) نہ کیا۔ اے ایسے احسان والے

الَّذِي لَا يَنْقَضِي اَبَدًا وَّيَا ذَا النَّعْمَاءِ الَّتِي

جس کا احسان کبھی ختم نہ ہوا، اور اے ایسی نعمتوں والے کہ جس کی

لَا تُحْصٰى اَبَدًا اَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نعمتیں کبھی شمار نہ ہو سکیں۔ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

کے مقابلہ میں کوئی نہیں آ سکتا۔ اے اللہ میں قصوروار ہوں تیری نعمت کا حق شکر بھی ادا نہیں کر سکتا۔ نہ ہی غم میں میں نے صبر کیا۔ دردمندانہ التجا ہے کہ کوتاہیوں کو نظر انداز فرما اور عافیت نصیب فرما۔ مسنون دعاؤں میں یہ ایک عجیب دعا ہے جس میں بشری کمزوری کا لحاظ رکھتے ہوئے یہ بھی تعلیم دی گئی کہ مجھے جلدی سے عافیت، راحت اور سکون عطا فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبِكَ اَدْرَأُ فِىْ نُحُوْرِ الْاَعْدَاءِ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر رحمت نازل کر، میں تیرے زور پر بھڑ جاتا ہوں دشمنوں اور

وَالْجَبَابِرَةِ ﴿۱۷۹﴾ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى دِيْنِىْ بِالدُّنْيَا وَعَلٰى

زور آوروں کے مقابلہ میں۔ یا اللہ میرے دین پر دنیا کو مددگار بنا دے اور میری

اٰخِرَتِىْ بِالتَّقْوٰى وَاحْفَظْنِىْ فِيْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا

آخرت پر تقویٰ کو مددگار کردے اور تو ہی محافظ رہ میری ان چیزوں کا جو آنکھوں سے دور ہیں اور ان

تَكِلْنِىْٓ اِلٰى نَفْسِىْ فِيْمَا حَضَرْتُهٗ يَا مَنْ لَّا

چیزوں میں جو میرے پیش نظر ہیں تو مجھے میرے نفس کے حوالہ نہ کر اے وہ کہ نہ اسے

تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِىْ مَا

گناہ نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ اس کے ہاں مغفرت کوئی کمی کرتی ہے۔ مجھے وہ چیز دے جو

لَا يَنْقُصُكَ وَاغْفِرْلِىْ مَا لَا يَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ

تیرے ہاں کمی نہیں کرتی، معاف کردے مجھے وہ چیز کہ تجھے نقصان نہیں پہنچاتی۔ بے شک تو ہی

**فائدہ ۱۷۹** اس دُعاء مذکورہ میں بارگاہ خداوندی میں اس کی درخواست کی گئی ہے کہ دنیا کو دین کی ترقی اور تقویٰ کو آخرت میں نجات کا ذریعہ بنا اور پھر یہ سبق بھی سکھلایا گیا ہے کہ اگر ساری دنیا گناہوں میں غرق ہو جائے تو تیرہ ذرہ بھر بھی حرج نہیں ہوگا اور اگر تو سب کی مغفرت کردے تو تیرے خزانے میں رائی برابر بھی کمی نہیں ہوسکتی۔



http://mujahid.xtgem.com

الْوَهَّابُ اَسْأَلُكَ فَرَجًا قَرِيْبًا وَّصَبْرًا جَمِيْلًا وَّ

بڑا دینے والا ہے۔ میں درخواست کرتا ہوں تجھ سے فوری کشائش کی اور صبر جمیل کی اور

رِزْقًا وَّاسِعًا وَّالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَاَسْأَلُكَ

رزق وسیع کی، اور جملہ بلاؤں سے امن کی اور میں مانگتا

تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ

ہوں تجھ سے پورا چین اور مانگتا ہوں تجھ سے اس چین کا دوام اور مانگتا ہوں

الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ وَلَا

تجھ سے اس چین پر توفیق شکر، اور مانگتا ہوں تجھ سے مخلوق کی طرف سے بے احتیاجی اور نہ کوئی

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۱۸۰ اَللّٰهُمَّ

بچاؤں ہے گناہوں سے اور نہ کوئی قوت ہے طاعت کی سوائے اللہ بزرگ و برتر کے۔ یا اللہ

اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ

میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر کر دے اور میرے

**فائدہ ۱۸۰** دُعاءِ مذکورہ میں باطن اور ظاہر کی درستگی کا سوال اور پھر باطن کو ظاہر سے زیادہ بہتر بنانے کی دُعاء کی تلقین کی جارہی ہے اور ساتھ ہی مال اولاد و اہل وعیال کے بارے میں یہ درخواست کی جارہی ہے کہ یا اللہ ان سب کو گمراہیوں سے بچا نہ یہ خود گمراہ ہوں اور نہ یہ دوسروں کو گمراہ کریں۔ اپنی دعاؤں میں اپنے اہل وعیال کو بھی شامل رکھیں۔



http://mujahid.xtgem.com

عَلَانِیَتِیْ صَالِحَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ

ظاہر کو صالح بنا دے۔ یا اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں ان اچھی چیزوں کی

مَا تُؤْتِی النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَیْرَ

جو تو لوگوں کو دیتا ہے مال سے ہو یا بیوی سے ہو یا بچے سے ہو۔ میں نہ

ضَآلٍّ وَّلَا مُضِلٍّ ۱۸۱ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ

گمراہ ہوں نہ گمراہ کرنیوالا ہوں۔ یا اللہ ہمیں منتخب بندوں میں سے کر لے

الْمُنْتَخَبِیْنَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِیْنَ

جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہوں گے اور جو مقبول مہمان ہونگے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ

یا اللہ میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جو تجھ پر اطمینان رکھے اور تیرے

بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰی بِقَضَآئِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ ○

ملنے کا یقین رکھے اور تیری مشیت پر راضی رہے اور تیرے عطیہ پر قناعت رکھے۔

**فائدہ ۱۸۱** اس دُعاء میں یہ درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ! آخرت میں ہمارے چہرے اور ہمارے اعضاء کو روشن اور چمکدار بنا۔ اور ایسا نفس عطا کر جو تجھ پر اطمینان رکھے اور تیری ملاقات کا یقین ہو اور تیرے دیے ہوئے رزق پر قناعت رکھے۔ اور یہ بھی درخواست کی گئی ہے کہ یا اللہ تیرے فیصلوں پر راضی رہوں تا کہ تسلیم ورضا پر عمل ہو سکے۔



http://mujahid.xtgem.com

۱۸۲ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ

یا اللہ حمد تیرے ہی لئے ہے، ایسی حمد کہ تیری ہمیشگی کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ رہے اور تیرے

الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

لئے حمد ہے ایسی حمد کہ تیرے دوام کے ساتھ وہ بھی دائم رہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد

لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

کہ اس کی انتہا تیری مشیت کے بغیر نہیں۔ اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ

لَّا يُرِيْدُ قَآئِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ

اس کے قائل کا مقصود تمام تر تیری ہی خوشنودی ہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد

كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ

جو ہر پلک جھپکانے اور ہر سانس لینے کے ساتھ ہو۔ یا اللہ متوجہ کردے

بِقَلْبِيْٓ اِلٰى دِيْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ

میرے دل کو اپنے دین کی طرف اور ہماری حفاظت ادھر اُدھر سے رکھ اپنی رحمت کے ساتھ

فائدہ ۱۸۲ اس دُعا میں اللہ جل شانہ کی لامتناہی حمد کی گئی ہے اور پھر اس کے ساتھ ہی یہ عجیب درخواست کی گئی ہے۔ اے اللہ! میرے دل کو اپنی طرف متوجہ کر۔ ہر طرف سے اپنی رحمت سے ہماری حفاظت فرما۔ ثابت قدمی عطا کر۔ ہدایت پر قائم رکھ اور گمراہی سے بچا۔ اور یہ کلمات بھی آئے ہیں اے دلوں کے پھیرنے والے میرے دل کو دین پر ثابت قدم رکھ۔



http://mujahid.xtgem.com

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِیْٓ اَنْ اَزِلَّ وَاهْدِنِیْٓ اَنْ اَضِلَّ ۝

یا اللہ مجھے ثابت قدم رکھ کہیں ڈگ نہ جاؤں اور مجھے ہدایت پر رکھ کہ کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں۔

۱۸۳ اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِیْ وَبَيْنَ قَلْبِیْ فَحُلْ بَيْنِیْ

یا اللہ تو جس طرح حائل ہے مجھ میں اور میرے دل میں پس تو حائل رہ مجھ میں

وَبَيْنَ الشَّيْطٰنِ وَعَمَلِهٖ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ

اور شیطان اور اس کے کام میں یا اللہ ہمیں نصیب کر

فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا

اپنا فضل اور ہمیں اپنے رزق سے محروم نہ رکھ اور جو رزق تو نے ہمیں دیا

رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَآءَنَا فِیْٓ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ

اس میں برکت دے اور ہمارے دلوں کو غنی کر دے اور جو کچھ تیرے پاس ہے

رَغْبَتَنَا فِيْمَا عِنْدَكَ ۱۸۴ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ

اس کی طرف ہمیں رغبت دیدے۔ یا اللہ مجھے ان میں کر دے جنہوں

**فائدہ ۱۸۳** اس دُعاء مذکورہ میں اللہ جل شانہ سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ! آپ میرے اور شیطان کے درمیان رکاوٹ بن جائیں تاکہ میں گناہوں سے بچ سکوں اور ہمیشہ ہمیشہ تیری اطاعت اور بندگی میں لگا رہوں نیز اس دُعا میں یہ بھی درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ اپنے فضل کے ساتھ ہمیں رزق سے محروم نہ رکھ۔ برکت والا رزق عطا فرما اور ہمارے



http://mujahid.xtgem.com

تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ وَاسْتَهْدٰىكَ

نے تجھ پر توکل کیا۔ پس تو ان کے لئے کافی ہو گیا اور انہوں نے تجھ سے ہدایت چاہی

فَهَدَيْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ ۱۸۵ اَللّٰهُمَّ

سو تو نے انہیں ہدایت دی اور انہوں نے تجھ سے مدد چاہی سو تو نے انہیں مدد دی۔ یا اللہ

اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِيْ خَشْيَتَكَ وَذِكْرَكَ

میرے دل کے وسوسوں کو اپنی خشیت اور اپنی یاد بنا دے۔

وَاجْعَلْ هِمَّتِيْ وَهَوَايَ فِيْمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ

اور میرے شوق اور ہمت کی چیز کو وہی کر دے جسے تو اچھا سمجھتا ہو اور پسند کرتا ہو یا اللہ

وَمَا ابْتَلَيْتَنِيْ بِهٖ مِنْ رَّخَاءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِيْ

تو میرا امتحان نرمی یا سختی غرض جس چیز سے بھی کرے تو مجھے طریق

بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَشَرِيْعَةِ الْاِسْلَامِ ۱۸۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

حق اور شریعت اسلام پر جمائے رکھ۔ یا اللہ میں

دلوں کو ایسا غنی کر دے کہ جس میں ہماری نفسانی خواہشات مٹ جائیں اور ہم شوق اور رغبت کے ساتھ تیرے اجر و ثواب کی طرف دوڑ لگا دیں۔ فائدہ ۱۸۵ اس دُعاء میں عجیب درخواست ہے۔ یا اللہ! مجھے ایسی لگن عطا فرما کہ وسوسے بھی آئیں۔ تب بھی تیری ہی یاد اور تیری خشیت کی طرف جانے والی ہو اور ساتھ یہ بھی درخواست کی گئی ہے۔ اے اللہ! میرے



http://mujahid.xtgem.com

أَسْأَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِي الْأَشْيَاءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ

تجھ سے درخواست کرتا ہوں جملہ اشیاء میں نعمت کے پورا ہونے کی اوران پر تیرے شکر

لَكَ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى وَبَعْدَ الرِّضٰى الْخِيَرَةَ

کی توفیق پانے کی یہاں تک کہ تو خوش ہوجائے اور بعد خوش ہوجانے کے میرے

فِي جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ وَلِجَمِيْعِ

لئے انتخاب کردے تمام ایسی چیزوں میں جن میں انتخاب ہوتا ہے، اور انتخاب بھی

مَيْسُوْرِ الْأُمُوْرِ كُلِّهَا لَا بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ ○

سب ہی آسان کاموں کا، نہ کہ دشوار کاموں کا اے کریم!

۱۸۷ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْإِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ

یا اللہ صبح کے نکالنے والے اور رات کو آرام کا وقت بنانے والے اور سورج

وَالْقَمَرِ حُسْبَانًا قَوِّنِيْ عَلَى الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ ○

اور چاند کے وقت کا مقیاس بنانے والے مجھے اپنی راہ میں جہاد کی قوت دے۔

امتحان میں مجھے حق کے راستے اور شریعت اسلام پر ثابت قدم فرما۔ فائدہ ۱۸۷ اس دعاء میں راہ جہاد میں قوت کی درخواست کی گئی ہے جو ہر مسلمان کی تمنا اور آرزو ہے اور یہی تمنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ذات کے لیے فرمائی۔ اسی کی ہم بھی درخواست کرتے ہیں۔ اے اللہ تمام مسلمانوں کو قوت ایمانی نصیب فرما، اور راہ حق میں سب کچھ قربان کرنے کی دولت نصیب فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

۱۸۸ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ

یا اللہ تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء اور تیری مخلوق کے ساتھ تیرے برتاؤ میں

وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَهْلِ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور ہمارے گھر والوں کے ساتھ تیرے

بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ

برتاؤ میں، اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور خاص ہماری جانوں

اِلٰٓى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا

کے ساتھ تیرے برتاؤ میں۔ اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں ہدایت دی،

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا

اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں عزت دی۔ اور تیرے ہی لئے حمد ہے کہ تو نے

سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ

ہماری پردہ پوشی کی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے قرآن پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے

**فائدہ ۱۸۸** اس دُعا میں ایک عجیب سبق دیا گیا ہے کہ انسان کو ہر حال اور ہر صورت میں خواہ کتنے مصائب اور پریشانیوں کا شکار ہو رضا بالقضاء کا مصداق بنتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرنی چاہیئے یعنی حق جل شانہ بندے میں جو بھی تصرف فرمائیں اس میں کوئی شکوہ و شکایت کا کلمہ زبان پر نہیں آنا چاہیے ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور اس کے ہر فیصلہ کے سامنے سر



http://mujahid.xtgem.com

بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ

اہل پر اور مال پر اور تیرے ہی لئے حمد ہے درگذر کرنے پر، اور تیرے ہی لئے حمد

حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا رَضِيْتَ يَا اَهْلَ

ہے یہاں تک کہ تو خوش ہوجائے اور تیرے ہی لئے حمد ہے جب کہ تو خوش ہوجائے، اے وہ کہ جس

التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ ۱۸۹ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِىْ لِمَا تُحِبُّ

ذات سے ڈرنا چاہیے، اور اے وہ کہ تو ہی مغفرت کرسکتا ہے۔ یا اللہ مجھے اس چیز کی

وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ

توفیق دے جسے تو اچھا سمجھے، خواہ وہ قول ہو یا عمل یا فعل یا نیت

وَالْهُدٰى اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۱۹۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ

یا طریق بے شک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔ یا اللہ میں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ عَيْنَاهُ تَرَيَانِىْ وَقَلْبُهٗ

تیری پناہ میں آتا ہوں مکار دوست سے جس کی آنکھیں تو مجھے دیکھتی ہوں اور اس کا دل

تسلیم خم کرنا ہی عافیت، خیر اور بھلائی ہے۔ **فائدہ ۱۸۹** مذکورہ دُعاء میرا اور میرے مشائخ کے وظائف کا حصہ ہے جس میں یہ درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ! میں بہت عاجز، بے بس کمزور ہوں مجھے تو اس چیز کی توفیق عطا فرمادے جس کو تو اچھا سمجھے، میری نیت، میری زبان اور میرے تمام کام درست فرما بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ **فائدہ ۱۹۰** اس دُعاء میں دنیا میں رہنے



http://mujahid.xtgem.com

يَرْعَانِيْ اِنْ رَّاٰى حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰى سَيِّئَةً اَذَاعَهَا

مجھے چرالیتا ہو، اگر وہ بھلائی دیکھے اسے دبادے اور اگر برائی دیکھے تو اس کا چرچا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ

یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں شدت فقر سے اور شدت محتاجی سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ اَللّٰهُمَّ

یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں ابلیس اور اس کے لشکر سے، یا اللہ

اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ

میں تیری پناہ میں آتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں

بِكَ مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّيْ وَجْهَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

آتا ہوں اس سے کہ تو قیامت کے دن مجھ سے منہ پھیر لے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ يُّخْزِيْنِيْ

یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اس عمل سے جو مجھے رسوا کرے

والے انسانوں کے شر سے بچاؤ کا سبق دے کر یہ بتلایا جارہا ہے کہ دنیا ایسے مکار دوستوں سے بھری پڑی ہے جو نام کے تو دوست ہیں لیکن دل سے بدخواہ۔ جو خوبی کو چھپانے والے ہیں اور عیب کو خوب جی بھر کر پھیلانے والے ہیں۔ ایسوں سے پناہ مانگنے کا سبق دے کر ہمیں دنیا کی تکالیف سے بچاؤ کا درس دیا جارہا ہے اور ساتھ ہی یہ عجیب دُعا کہ اے اللہ! میں عورتوں کے



http://mujahid.xtgem.com

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر

مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ

ایسے منصوبہ سے جو مجھے غافل کردے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے فقر سے جو

يُّنْسِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ

مجھے ہول میں ڈال دے۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسی دولت سے جو میرا دماغ چلادے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ وَاَعُوْذُبِكَ

یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر کی موت سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ ؀

غم کی موت سے۔

فتنہ سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ عورتوں کا فتنہ تاریخ میں حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے سے شروع ہوا آج کے اس دور میں سب سے بڑا فتنہ یہی ہے جس کی نشاندہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ کے ساتھ فرمائی۔ ’’میرے بعد سب سے زیادہ خطرناک فتنہ مردوں کے لیے عورتیں ہیں۔‘‘ اے اللہ! ہم سب کی اس فتنہ اور تمام فتنوں سے ہماری حفاظت فرما۔



http://mujahid.xtgem.com



ساتویں منزل

بروز جمعہ

# خطبہ مُناجاتِ مقبول



ان دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر منزل سے پہلے
خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کرکے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کیا کریں

## بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

**نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ○ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ○ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا**

ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید کی جاسکتی ہے اور ان سب سے

**مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ○ مِنْ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللهِ وَ صَلَوٰتِ**

کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکتا ہے کہ تو نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت

**الرَّسُوْلِ ○ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ○**

ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ اے اللہ آپ پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ مغرب اور شرق

**وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ○ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا**

کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو

**سَنَقُوْلُ ○ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ○**

ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں کہ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# ساتویں منزل بروز جمعہ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱۹۱ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ

اے میرے رب، اے میرے رب، اے میرے رب، یا اللہ اے بڑائی والے اے سننے والے

يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَ

اے دیکھنے والے اے وہ کہ جس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ مشیر ہے اور

يَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَيَا عِصْمَةَ

اے آفتاب و ماہتاب روشن کے پیدا کرنیوالے، اور اے مصیبت زدہ

الْبَآئِسِ الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ

ترساں و پناہ جو کے پناہ اور اے ننھے

فائدہ ۱۹۱ دُعاء مذکورہ میں ننھے بچے کو روزی پہنچانے والے۔ ٹوٹی ہڈیوں کو جوڑنے والے۔ مصیبت زدہ محتاج اور بے قرار آفت زدہ کی درخواستوں کو سننے والے کا خصوصیت سے ذکر کرکے اپنی بے بسی اور خدا کی کبریائی اور سمیع و بصیر کا واسطہ دے کر دُعا مانگی جارہی ہے جس کی قبولیت میں کوئی شک نہ ہو۔ یہ کلمات سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی اور بیان نہیں کرسکتا۔



http://mujahid.xtgem.com

الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ

بچہ کی روزی پہنچانے والے اور اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے والے میں تجھ

دُعَآءَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ

سے درخواست کرتا ہوں مصیبت زدہ محتاج کی سی درخواست، بے قرار

الضَّرِيْرِ اَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ

آفت زدہ کی سی درخواست تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے عرش کے بندہائے عزت کے واسطے سے

وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَآءِ

اور تیری کتاب کی کلید ہائے رحمت کے واسطے سے اور ان آٹھ ناموں

الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ

کے واسطہ سے جو رخ آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں، یہ کہ بنادے

الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ ۱۹۲ رَبَّنَا

قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کی کشائش۔ اے ہمارے رب!

**فائدہ ۱۹۲** اس دُعا کے طالب کے لیے دنیا میں (کذا و کذا یعنی فلاں فلاں شئے عطا کر) ان الفاظ میں یہ سکھلایا گیا ہے کہ ان کے پڑھتے وقت جائز پسندیدہ خواہش کا تصور کرے۔ یعنی صحت و عافیت، اہل و عیال کی بھلائی، حلال اور وسیع رزق کی طلب اور سب سے بڑھ کر حسن خاتمہ کا تصور کر کے دُعا طلب کریں یا کوئی ضرورت کی چیز وغیرہ۔ اس طویل دعا میں اللہ کی



http://mujahid.xtgem.com

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا کَذَا وَکَذَا یَا مُوْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ

ہمیں دنیا میں عطا کر فلاں فلاں چیز۔ اے غمگسار ہرا کیلے کے

وَّیَا صَاحِبَ کُلِّ فَرِیْدٍ وَّیَا قَرِیْبًا غَیْرَ بَعِیْدٍ وَّ

اور اے رفیق ہر تنہا کے اور اے ایسے قریب جو دور نہیں اور

یَا شَاهِدًا غَیْرَ غَآئِبٍ وَّیَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ یَّا حَیُّ

اے حاضر جو غائب نہیں، اور اے ایسے غالب جو مغلوب نہیں۔ اے زندہ رہنے والے

یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا نُوْرَ

اے قائم رہنے والے، اے بزرگی اور عظمت والے اور اے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَا زَیْنَ السَّمٰوٰتِ

آسمانوں اور زمین کے نور، اور اے آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ یَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعَ

زمین کی زینت اے آسمان اور زمین کے ستون اے آسمان

عظمت وجلال کا واسطہ دے کر یہ درخواست اس انداز میں کی جارہی ہے کہ فریادیوں کے فریاد رس اے غم ومصیبت میں پھنسے ہوئے لوگوں کی فریاد سننے والے اے بے قراروں کی دعاؤں کو قبول کرنے والے اے ارحم الراحمین تیرے ہی سامنے میں نے اپنی تمام حاجات پیش کردی ہیں حسب وعدہ توانہیں قبول فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور زمین کے پیدا کرنے والے اور اے آسمانوں اور زمین کے قائم رکھنے والے

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ

اور اے بزرگی اور عظمت والے اے فریادیوں کے فریادرس

وَمُنْتَهَى الْعَآئِذِيْنَ وَالْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ

اور پناہ مانگنے والوں کی آخری دوڑ، اور بے چینوں کے کشائش دینے والے

وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ دُعَآءِ الْمُضْطَرِّيْنَ

اور غمزدوں کو راحت دینے والے، اور بے قراروں کی دعا کے قبول کرنے والے

وَيَا كَاشِفَ الْمَكْرُوْبِ يَآ اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَآ اَرْحَمَ

اور اے صاحب کرب کو شفا دینے والے اے الٰہ العالمین اور اے ارحم

الرّٰحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ ۱۹۳ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ

الرحمین تیرے ہی سامنے ہر حاجت پیش ہے۔ یا اللہ تو

**فائدہ ۱۹۳** دُعاءِ مذکورہ کا ایک ایک کلمہ قربان ہونے کے قابل ہے جس میں بخشش کی طلب، رحم کا سوال، عافیت، رزق کی کشادگی، گناہوں کی پردہ پوشی اور آخر میں یہ کلمہ جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ! ان اعمال کی توفیق عطا فرما جن کی بناء پر آپ ہم سے راضی ہونگے۔ اور ساتھ ہی یہ دعا کہ یا اللہ میں بڑا گنہگار رہوں میرا پردہ اور شرم رکھنا۔



http://mujahid.xtgem.com

خَلَّاقٌ عَظِيمٌ إِنَّكَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ إِنَّكَ غَفُورٌ

خالق اعظم ہے، تو سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے تو غفور ہے

رَّحِيمٌ إِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝ اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ

تو رحیم ہے تو ہی عرش عظیم کا مالک ہے یا اللہ تو

الْبَرُّ الْجَوَادُ الْكَرِيمُ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي

محسن ہے صاحب جود ہے صاحب کرم ہے، تو مجھے بخش دے، اور مجھ پر رحم کر اور مجھے چین دے

وَارْزُقْنِي وَاسْتُرْنِي وَاجْبُرْنِي وَارْفَعْنِي وَاهْدِنِي وَلَا

اور مجھے روزی دے، میری پردہ پوشی کر، میرے نقصان کو پورا کر دے، مجھے بلندی دے، مجھے ہدایت دے اور

تُضِلَّنِي وَأَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

مجھے گمراہ نہ کر اور مجھے جنت میں اپنی رحمت سے داخل کر دے۔ اے ارحم الراحمین

إِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِي وَفِي نَفْسِي لَكَ فَذَلِّلْنِي وَفِي

اے میرے رب مجھے اپنا بنا لے اور میرے دل میں فرمانبرداری ڈال دے، اور

اور ساتھ ہی یہ درخواست کی گئی کہ اے اللہ ہمیں ہدایت نصیب فرما گمراہی سے بچا اور محض اپنی رحمت سے ہمیں جنت عطا فرما، اور یہ بشری تقاضا کے مطابق دعا سکھلائی ہے کہ اے اللہ لوگوں کی نظروں میں مجھے معزز فرما۔ بے مثال دعا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِىْ وَمِنْ سَيِّئِ الْاَخْلَاقِ

لوگوں کی نظر میں مجھے معزز کردے۔ اور بُرے اخلاق سے

فَجَنِّبْنِىْ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا

مجھے بچادے۔ یا اللہ تونے ہماری ذات سے ان اعمال کو طلب کیا ہے

مَالَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا مِنْهَا مَا

جن پر ہم کوئی اختیار بغیر تیری توفیق کے نہیں رکھتے تو تو ہمیں ان میں سے اس عمل کی توفیق دے دے،

يُرْضِيْكَ عَنَّا ۱۹۴ (الف) اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا

جو تجھے ہم سے رضا مند کردے۔ یا اللہ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں ہمیشہ رہنے والا

دَآئِمًا وَّاَسْأَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا وَّاَسْأَلُكَ

ایمان اور تجھ سے طلب کرتا ہوں خشوع والا دل اور تجھ سے طلب

يَقِيْنًا صَادِقًا وَّاَسْأَلُكَ دِيْنًا قَيِّمًا وَّاَسْأَلُكَ

کرتا ہوں سچا یقین اور تجھ سے طلب کرتا ہوں دین مستقیم، اور تجھ سے طلب کرتا

**فائدہ ۱۹۴ (الف)** اس دُعاء میں ایمان کی سلامتی خشوع والا دل، سچا یقین اور ہر مصیبت اور بلا سے امن بلکہ ایسا امن جس میں دوام ہو طلب کیا جا رہا ہے۔ اور آخر میں یہ الفاظ کہ اے اللہ مجھے مخلوق کی احتیاج سے بچالے۔ یہ دعا اَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ امن اور چین وقتی نہیں دائمی نصیب فرما اللہ جل شانہ ہم سب کے لیے قبول فرمالے۔



http://mujahid.xtgem.com

الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّاَسْأَلُكَ دَوَامَ

ہوں ہر بلا سے امن، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں

الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ

امن کا دوام اور تجھ سے طلب کرتا ہوں امن پر توفیق شکر،

وَاَسْأَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ ۱۹۴ (ب) اَللّٰهُمَّ

اور تجھ سے طلب کرتا ہوں خلق کی طرف سے بے نیازی یا اللہ

اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ

تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس گناہ کی جس سے میں نے توبہ کی ہو

ثُمَّ عُدْتُّ فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَآ اَعْطَيْتُكَ

اور پھر لوٹ کر اس کو کیا ہو، اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس عہد کی جو میں نے

مِنْ نَّفْسِيْ ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ بِهٖ

اپنی جانب سے دیا ہو اور پھر اس کو وفا نہ کیا ہو

**فائدہ ۱۹۴ (ب)** اس دُعا میں کس قدر حقیقت اور صحیح معنی میں انسانی کمزوری کا ذکر کیا گیا ہے جس میں یہ ذکر ہے اے اللہ! میں بار بار توبہ کرتا ہوں اور پھر بار بار توڑتا ہوں۔ اور انہی گناہوں میں پھنس جاتا ہوں اور اس دُعا میں ایک عجیب دُعا مسنون جو سو فیصد حقائق پر مشتمل ہے ذکر ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ تیری دی ہوئی نعمتوں سے فائدہ اٹھا کر



http://mujahid.xtgem.com

وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِیْ تَقَوَّیْتُ بِهَا عَلٰی

اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں ان نعمتوں کے بارہ میں جن سے میں نے قوت حاصل کی اور

مَعْصِیَتِكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَیْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ

اسے تیری نافرمانی میں لگایا اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس نیکی کے بارہ میں کہ میں نے اس کو خالصتاً

وَجْهَكَ فَخَالَطَنِیْ فِیْهِ مَا لَیْسَ لَكَ ۝ اَللّٰهُمَّ

تیرے لئے کرنا چاہا پھر اس میں ان چیزوں کی آمیزش کر لی جو صرف تیرے لئے نہ تھیں۔ یا اللہ

لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّكَ بِیْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِیْ

مجھے رسوا نہ کرنا بے شک تو مجھے خوب جانتا ہے اور مجھ پر عذاب نہ کرنا،

فَاِنَّكَ عَلَیَّ قَادِرٌ ۝ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ

بے شک تو مجھ پر ہر طرح قدرت رکھتا ہے۔ یا اللہ ساتوں آسمانوں کے مالک

السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ

اور عرش عظیم کے مالک، یا اللہ تو میرے لئے

ان نعمتوں کو آپ کی نافرمانی میں صرف کرتا رہوں تو تو مجھے معاف فرما۔ اور ساتھ ہی یہ بھی حقیقت کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ اے اللہ میں نیکیاں ارادتاً صرف تیری رضا کیلئے کرنے کی کوشش کرتا ہوں مگر بعد میں دوسری اشیاء اس میں شامل ہو جاتی ہیں میں اس سے توبہ کرتا ہوں۔



http://mujahid.xtgem.com

كُلِّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَيْنَ

ہر مہم میں کافی ہو جا جس طرح تو چاہے اور جس جگہ سے

شِئْتَ ۱۹۵ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ

تو چاہے۔ کافی ہے مجھے اللہ میرے دین کے لئے۔ کافی ہے مجھے اللہ میری

لِدُنْيَايَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَآ اَهَمَّنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ

دنیا کیلئے کافی ہے مجھے اللہ میری فکروں کیلئے، کافی ہے مجھے اللہ اس شخص کے مقابلہ کیلئے

بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ

جو مجھ پر زیادتی کرے، کافی ہے مجھے اللہ اس شخص کیلئے جو مجھ سے حسد کرتا ہو، کافی ہے مجھے اللہ

لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ

اس شخص کیلئے جو مجھے برائی کے ساتھ دھوکا دیتا ہے، کافی ہے مجھے اللہ موت کے وقت،

حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ

کافی ہے مجھے اللہ سوال قبر کے وقت، کافی ہے

**فائدہ ۱۹۵** اس دُعاء میں ساتوں آسمان اور عرش عظیم کا واسطہ دے کر دنیا و آخرت کی تمام مہمات کا ذکر کر کے یہ دُعا کی گئی ہے کہ اے اللہ! تو میرے لیے ان تمام امور میں کافی ہو جا' میرے دین دنیا میں میری موت کے وقت قبر میں' سوال کے وقت میزان عدل کے پاس پل صراط پر یعنی دنیا و آخرت کے ان تمام امور پر میرا محافظ بن جا۔ قابل رشک ہے یہ دُعا اور یہ میری انتہائی پسندیدہ دُعا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

اللّٰہُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الصِّرَاطِ

مجھے اللہ میزان حشر کے پاس، کافی ہے مجھے اللہ صراط محشر کے پاس،

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ

کافی ہے مجھے وہ اللہ کہ کوئی معبود نہیں ہے سوا اس کے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے

وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۱۹۶ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ

وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔ یا اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں

ثَوَابَ الشَّاکِرِیْنَ وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَمُرَافَقَۃَ

اجر شکر گذاروں کا سا اور مہمانداری مقربین کی سی اور رفاقت

النَّبِیِّیْنَ وَیَقِیْنَ الصِّدِّیْقِیْنَ وَذِلَّۃَ الْمُتَّقِیْنَ

انبیاء علیہم السلام کی اور اعتقاد صدیقوں کا سا، اور خاکساری اہل تقویٰ کی سی

وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِیْنَ حَتّٰی تَوَفَّانِیْ عَلٰی ذٰلِكَ یَآ اَرْحَمَ

اور خشوع اہل یقین کا سا، یہاں تک تو اسی حال پر مجھے اُٹھالے۔ اے سب رحم

**فائدہ ۱۹۶** دُعاء مذکورہ میں اولیاء اور صدیقین جیسا اعتقاد اہل تقویٰ کی سی عاجزی شکر گزار بندوں کا سا عمل طلب کیا گیا ہے اور اس بات کی التجاء ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے انبیاء کرام کی سی رفاقت نصیب فرمائے۔ اور ساتھ ہی یہ درخواست کی گئی ہے کہ اے اللہ میرا خاتمہ اسی ایمان ویقین پر نصیب فرما۔ حسن خاتمہ کے حصول کی بہترین دعا ہے۔



http://mujahid.xtgem.com

الرّٰحِمِیْنَ ۱۹۷ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ بِنِعْمَتِكَ

کرنے والوں سے بڑھ کر رحیم ۔ یا اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ واسطہ اس انعام

السَّابِقَةِ عَلَیَّ وَبَلَآئِكَ الْحَسَنِ الَّذِیْ

کے جو سابق میں مجھ پر رہا ہے ۔ اور بہ واسطہ اس اچھے امتحان کے جو

ابْتَلَیْتَنِیْ بِهٖ وَفَضْلِكَ الَّذِیْ فَضَّلْتَ عَلَیَّ اَنْ

تو نے لیا ہے، اور بہ واسطہ اس فضل کے جو تو نے مجھ پر کیا ہے ۔

تُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ ○

یہ کہ تو مجھے اپنے احسان اور فضل ورحمت سے جنت میں داخل کرے ۔

۱۹۸ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ اِیْمَانًا دَآئِمًا وَّھُدًی

یا اللہ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں ایمان دائم اور ہدایت

قَیِّمًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا ۱۹۹ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ

محکم اور علم نفع بخش ۔ یا اللہ کسی بدکار کا مجھ پر

**فائدہ ۱۹۷** اس دُعاء میں اللہ جل شانہ کے انعامات کا واسطہ جن کی شہادت ہر انسان کا ذرہ ذرہ دیکھے دے کر یہ درخواست کی جارہی ہے کہ اے اللہ! تیری ہر آزمائش اور امتحان میں یقیناً بھلائی اور ہمارا ہی فائدہ ہے ہم اپنی عاجزی اور بے بسی سے یہ درخواست کرتے ہیں تو اپنے محض فضل وکرم سے جنت میں داخلہ عطا کردے ۔ **فائدہ ۱۹۸** اس دُعاء میں دائمی ایمان،



http://mujahid.xtgem.com

عِنْدِیْ نِعْمَۃً اُکَافِیْہِ بِھَا فِی الدُّنْیَا

احسان نہ ہونے دے کہ مجھے اسکا معاوضہ ادا کرنا پڑے۔ دنیا میں

وَالْاٰخِرَۃِ ۲۰۰ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ

اور آخرت میں یا اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے اخلاق

خُلُقِیْ وَطَیِّبْ لِیْ کَسْبِیْ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ

کو وسیع کر دے اور میری آمدنی کو حلال رکھ، اور جو تو نے مجھے دے رکھا ہے، اس پر مجھے قانع کر دے،

وَلَا تُذْھِبْ طَلَبِیْٓ اِلٰی شَیْءٍ صَرَّفْتَہٗ عَنِّیْ ○

اور اس چیز کی طرف میری طلب ہی کو نہ لے جا جو تو نے مجھ سے ہٹالی ہو۔

۲۰۱ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَجِیْرُکَ مِنْ جَمِیْعِ کُلِّ شَیْءٍ

یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تمام ان چیزوں سے جو تو نے

خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِکَ مِنْھُنَّ وَاجْعَلْ لِّیْ

پیدا کی ہیں، اور ان سے تیری حفاظت میں آتا ہوں۔ اور میرے لئے

ہدایت اور نفع بخش علم کی دُعا کی جا رہی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے اللہ ہمیں اپنے فضل و کرم سے وہ علم عطا کر جس سے ہماری دنیا و آخرت کا بھلا ہو اور قبر سے جنت تک کی تمام منازل آسان فرما۔ **فائدہ ۲۰۰** اس دُعاء میں گناہوں کی بخشش، اخلاق کی وسعت، رزق حلال اور قناعت کی طلب کے ساتھ یہ سب دُعاء مسنون ہمیں سکھلائی گئی ہے کہ اے اللہ جو چیز میری



http://mujahid.xtgem.com

عِنْدَكَ وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى

اپنے ہاں دخل پیدا کر دے، اور میرے لئے اپنے ہاں تقرب

وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ مَقَامَكَ وَ

اور حسن مراجعت پیدا کر دے اور مجھے ان لوگوں میں سے کر دے جو تیرے سامنے کھڑے ہونے سے اور

وَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْا لِقَآءَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ

تیری وعید سے ڈرتے ہیں اور تیرے دیدار کی تمنا رکھتے ہیں اور مجھے ان لوگوں میں سے کر دے

اِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّاَسْأَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

جو تیری طرف توجہ خالص کے ساتھ رجوع کرتے ہیں، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں عمل مقبول کا

وَّعِلْمًا نَّجِيْحًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ

اور علم کارآمد کا اور سعی مشکور کی اور تجارت

تَبُوْرَ ۲۰۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِيْ

کامیاب کی۔ یا اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میری جاں بخشی کر دی جائے

قسمت میں ہی نہیں اس چیز کی تمناء اور طلب میرے دل سے نکال دے۔ قناعت کے بارے میں مولانا عبدالماجد دریا آبادی کا جملہ نقل کرتا ہوں کہ جس کو دولت قناعت حاصل ہو وہ دولت ہفت اقلیم سے بے نیاز ہے۔ سبحان اللہ۔ **فائدہ ۲۰۲** اس دُعاء میں دولت سے جان بخشی کی تعلیم کی جارہی ہے کون سا انسان ایسا ہوگا جو جہنم کے عذاب کو برداشت کرنے کے لیے تیار



http://mujahid.xtgem.com

مِنَ النَّارِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

دوزخ سے ۔ یا اللہ میری مدد کر موت کی بے ہوشیوں پر

وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ ۲۰۳ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَ

اور سختیوں پر ۔ یا اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور

اَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى ۲۰۴ الف اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

مجھے اعلیٰ رفیقوں کے ساتھ جا ملا۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ

مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ

تیرے ساتھ کچھ بھی شریک کروں اس حال میں کہ میں اسے جان رہا ہوں، اور تجھ سے اس شرک کی

لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ

معافی چاہتا ہوں جسے نہ جانتا ہوں اور تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ مجھے کوئی رشتہ دار بد دعا

قَطَعْتُهَا ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ

دے جس کی میں نے حق تلفی کی ہو۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس حیوان کے شر سے

ہو۔ اس لیے یہ دُعا اور اس کے ساتھ خصوصیت سے سکرات موت یعنی جان کنی کے وقت حفاظت ایمان کی دُعا کو ساتھ ملا کر یہ درس دیا جا رہا ہے کہ عذاب قبر اور جہنم سے بچاؤ کا واحد ذریعہ ایمان کو بحفاظت قبر تک پہنچانا ہے اللہ ہم سب کا خاتمہ ایمان پر فرمائے۔ **فائدہ ۲۰۴ (الف)** اس دُعاء میں شرک سے پناہ کے بعد خصوصیت سے ایک عظیم سبق سکھلایا جا رہا ہے جس سے کم وبیش



http://mujahid.xtgem.com

يَّمْشِىْ عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِىْ

جو پیٹ کے بل چلتا ہے۔ اور اس حیوان کے شر سے

عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِىْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ

جو دو پیروں سے چلتا ہے اور اس حیوان کے شر سے جو چاروں پیروں سے چلتا ہے۔

۲۰۴ ب اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اِمْرَاَةٍ تُشَيِّبُنِىْ

یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں ایسی عورت سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے ہی

قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ

بوڑھا کردے۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں ایسی اولاد سے جو

عَلَىَّ وَبَالًا وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ

مجھ پر وبال ہو، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ایسے مال سے جو میرے حق میں

عَلَىَّ عَذَابًا ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

عذاب ہوجائے۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں

ہر انسان کوتاہی اور غفلت برتتا ہے وہ یہ ہے کہ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ مجھے کوئی میرا رشتہ دار بددعا دے جس کی مجھ سے حق تلفی ہوگئی ہو۔ **فائدہ ۲۰۴ (ب)** اس دعاء میں بیوی اور اولاد و مال کی مصیبت سے حفاظت کی دعا کی جارہی ہے جس میں یہ سبق دیا جارہا ہے کہ اہل وعیال بلاشبہ انسان کی راحت کی چیزیں ہیں لیکن کبھی کبھی یہ سب سے بڑی مصیبت



http://mujahid.xtgem.com

الشَّكِّ فِي الْحَقِّ بَعْدَ الْيَقِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ

حق بات میں اعتقاد کے بعد شک لانے سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ

شیطان مردود سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں

يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ

روز جزا کی سختی سے۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں موت

الْفُجَاءَةِ وَمِنْ لَّدْغِ الْحَيَّةِ وَمِنَ السَّبُعِ وَمِنَ

ناگہانی سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندے کے پھاڑنے سے

الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى شَيْءٍ

اور ڈوبنے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ کسی چیز پر گر پڑوں

وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ ۝

اور لشکر کے بھاگنے کے وقت مارے جانے سے۔

اور پریشانی کا باعث بن جاتی ہیں اس لیے یہ دعا سکھلائی کہ اے اللہ! میرے لیے میرے اہل و عیال کو آنکھوں کی ٹھنڈک بنا۔ اس وقت اس دنیا میں مال اور اولاد ایک امتحان کا ذریعہ ہیں اللہ تعالیٰ اس میں ہم سب کو کامیابی نصیب فرمائے اور ساتھ ہی یہ دعا تعلیم کی جارہی ہے کہ اے اللہ حادثاتی اموات سے غرق ہونے سے جلنے سے سانپ اور درندوں کے شر سے ہماری حفاظت فرما۔



http://mujahid.xtgem.com

# عاجزانہ التماس

ان دعاؤں کے اختتام پر درخواست ہے کہ یہ دعا کر دیجئے کہ جو دعائیں ان سات منزلوں میں پڑھی گئی ہیں۔ وہ ساری کی ساری درج ذیل حضرات کے لئے اللہ جل شانہ قبول فرمائے۔

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ (مولف کتاب) مولانا عبدالواسع مرحوم (ناظم ترجمہ) اور مولانا حکیم محمد مصطفیٰ مرحوم (مترجم اول) اور مولانا محمد علی مرحوم اور مولانا شبیر علی مرحوم اور مفتی محمد حسن امرتسری مرحوم، حاجی غلام سرور مرحوم، مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم اور جناب خلیل احمد، جناب ڈاکٹر عبدالمقیم صاحب، اور میرے تمام اساتذہ ومشائخ اور احباب اور تمام مومنین اور مومنات کے حق میں قبول فرمائے۔

محتاج دُعا

احقر حافظ فضل الرّحیم عفی عنہ

نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاهور

http://mujahid.xtgem.com

اقرآ شرفیہ کمپنی ®

7- فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر
40 اردو بازار لاہور
042-37313302

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com